https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ

Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 11 ستمبر 2026ء | 27 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 151

تجارت میں سہولت کیلئے رسک منیجمنٹ نظام کو مزید موثر بنایا جائے

شہباز شریف

تجارتی عمل میں غیرضروری تاخیر کا خاتمہ، کاروباری لاگت میں کمی، برآمدات کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، وزیراعظم

زیادہ حجم کی حامل بندرگاہوں پر تمام متعلقہ ادارے کاروباری برادری کو ایک ہی مقام پر سہولیات فراہم کریں، مختلف اداروں کی مشترکہ انسپکشن اور مشترکہ پروفائلنگ کے نظام کو فروغ دیا، نان ٹیرف اقدامات کا جامع آڈٹ کیا جائے، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تجارت کا فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں آسانی پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامئے کے مطابق جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کا پہلا اجلاس ہوا جس وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، اعظم نذیر تارڑ، جنید انور چوہدری، مشیر وزیراعظم ہارون اختر خان، وزیرمملکت بلال اظہر کیانی اور ٹریڈ فیسیلیٹیشن بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارت کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

غزہ میں گھر پر اسرائیلی بمباری، میاں بیوی دو بچوں سمیت شہید

شہدا کی شناخت ممن عبدالرحمٰن احمد، ان کی اہلیہ حنین موس فارس صالح، 12 سالہ بیٹی لانا اور 8 سالہ بیٹی بانا کے نام سے ہوئی ہے

چاروں شہدا کی لاشیں غزہ شہر کے الشفا ہسپتال منتقل کردی گئیں، متعدد شہری زخمی

غزہ (این این آئی) غزہ کے شمالی علاقے بیت لاہیہ میں ایک گھر پر اسرائیلی فوج کی بمباری کے نتیجے میں فلسطینی میاں بیوی اور ان کے دو بچے شہید ہوگئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق چاروں شہدا کی لاشیں غزہ شہر کے الشفا ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ شہدا کی شناخت ممن عبد الرحمٰن احمد، ان کی اہلیہ حنین موس فارس صالح، 12 سالہ بیٹی لانا اور 8 سالہ بیٹی بانا کے نام سے ہوئی ہے۔ حملے میں متعدد شہری زخمی بھی ہوئے جبکہ ملبے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے، وزیراعظم

آئندہ نسلوں کی تعلیم وتربیت کے لئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل کیلئے مشعلِ راہ ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے' جام کمال

چین پاکستان اقتصادی راہداری معاشی منظرنامے کو نئی شکل دے رہی ہے، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری پاکستان کے معاشی منظرنامے کو نئی شکل دے رہی ہے، سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کے ایک اہم مرکز (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

وزیر توانائی سے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ (بی آئی آئی) (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف نے محمود اچکزئی کے خط کا جواب بھجوادیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے خط کا جواب بھجوادیا۔ ذرائع کے (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کررہے ہیں

حکومت کا نئے صوبوں کے معاملے پر قومی اسمبلی، سینیٹ میں بحث کرانے کا اعلان

نئے صوبوں کی بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہے، اسلام آباد نیا صوبہ نہیں بن رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اکتوبر میں قومی اسمبلی وسینیٹ میں نئے صوبوں پر بحث کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکتوبر میں سینیٹ کے اجلاس ہوں گے، جن میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کروائی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ستمبر میں قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی وسینیٹ اجلاس (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر قانون کا لیگل ایجوکیشن کی بہتری کیلئے ہرضروری قدم اٹھانے کا عزم

لاکالجز میں گھوسٹ داخلوں کے تدارک کیلئے ایونگ کورسز ختم اور لاء گیٹ متعارف کرایا گیا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ لیگل ایجوکیشن پورے نظام انصاف کی بنیاد ہے جس کے معیار کا براہ راست اثر بار اور بینچ کے معیار پر پڑتا ہے، لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کیلئے کام کیا گیا اور آئندہ بھی اس شعبے کی بہتری کیلئے ہر ضروری قدم اٹھایا جائے گا۔ وہ جمعرات کو یہاں پاکستان بار کونسل کے زیر اہتمام لیگل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کی سالانہ رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے خطاب (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائیگی، سرفراز بگٹی

نوکریوں کی خرید وفروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اوران کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیراعلیٰ کی زیرصدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس' صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل وفنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائے گی، نوکریوں کی خرید وفروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بات سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل وفنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام پر بوجھ میں اضافہ؛ 10 دن میں پیٹرول 25 روپے تک مزید مہنگا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم قیمتوں کا تعین عوام پر بھاری بھرکم بوجھ بن گیا ہے، یکم سے 10 ستمبر تک صرف 10 روز میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 25 روپے فی لیٹر تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق 10 روز (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور پرتگال کے مابین زیتون کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

پاکستان اپنے تکنیکی ماہرین کو خصوصی تربیت کیلئے پرتگال بھیجنا چاہتا ہے، جبکہ پرتگالی ماہرین بھی پاکستان کا دورہ کریں

پرتگال کے سفیر پاؤلو میگوئل گوڈیز ڈومنگیوز کا زراعت اور بالخصوص زیتون کے شعبے میں پاکستان کے ساتھ تعاون مزید بڑھانے میں پرتگال کی دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین نے پرتگال کے سفیر پاؤلو میگوئل گوڈیز ڈومنگیوز کے ساتھ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں دوطرفہ تعاون، بالخصوص پاکستان کے زیتون کے شعبے کی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان پرتگال کے ساتھ زرعی شعبے میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، بالخصوص زیتون کی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

امیر حمزہ زہری سے میر شعیب نوشیروانی اور میر خالد لانگو کی ملاقات

دونوں رہنماؤں نے باہمی مشاورت، اتفاقِ رائے اور تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کی۔ (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

جعفر مندوخیل سے سید کاشف حسین کی قیادت میں آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلباء کی ملاقات

پاکستان اپنے تکنیکی ماہرین کو خصوصی تربیت کیلئے پرتگال بھیجنا چاہتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سید کاشف حسین کی قیادت میں آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریمز کے طلباء نے ملاقات کی۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے طلبہ عبداللہ، عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم نے ایک تاریخی اعزاز اپنے نام کیا ہے۔ انہوں نے 1947 سے 2026 تک پاکستانی عسکری فورسز سے متعلق جاری ہونے والے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

الجزائر کا متحدہ عرب امارات سے سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا اعلان

الجیرز (این این آئی) الجزائر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ سفارتی تعلقات منقطع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ فیصلہ دونوں ممالک کے درمیان (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اسٹریٹ کرائمز پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جارہے ہیں، جعفر مندوخیل

منتخب عوامی نمائندے اپنے حلقوں اور مختلف علاقوں کا دورہ کرکے عوام سے براہِ راست رابطہ اوران کے مسائل سنیں

حکومت، انتظامیہ، پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، بڑھتے ہوئے اسٹریٹ جرائم، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی مشکلات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان بزنس فورم کا وزیراعظم سے پٹرولیم لیوی میں 60 روپے لیٹر کمی کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) پاکستان بزنس فورم نے موجودہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برداشت سے باہر قرار دیتے ہوئے وزیراعظم سے پٹرولیم لیوی میں 60 روپے فی لیٹر (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا کانک میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت

دہشت گردوں اوران کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیوں میں کوئی کمزوری یا نرمی نہیں برتی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گردی (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

مستونگ، پولیس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک اہلکار شہید دوسرا زخمی

پولیس اورسیکورٹی فورسز نے واقعہ کے بعد علاقے کو محاصرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے میں پولیس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک اہلکار شہید جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو مستونگ کے علاقے کانک میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چوکی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار سپاہی عزت اللہ شہید جبکہ سپاہی نصیب اللہ شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

قلات' نامعلوم افراد نے قومی شاہراہ پر واقع پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا

دھماکہ سے قومی شاہراہ پر پل کو نقصان پہنچنے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوگئی

قلات (این این آئی) قلات کے علاقے میں نامعلوم افراد نے قومی شاہراہ پر واقع پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو قلات کے علاقے مرجان میں نامعلوم افراد نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا۔ پولیس کے مطابق دھماکہ اسوقت ہوا جب ایک مسافر کوچ پل سے گزر رہی تھی جس کے نتیجے میں کوچ میں (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

چین' طوفانی بارشوں کے باعث مٹی کے تودے گرنے سے 16 افراد جاں بحق

بیجنگ (این این آئی) چین کے صوبہ جیانگ شی کے سوئی چوان کانٹی میں (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل صوبائی وزیر عاصم کردگیلو اور ایم پی اے زرک خان مندوخیل مختلف وفود سے گفتگو کررہے ہیں

دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، ضیا لانگو

پولیس اہلکاروں کا حوصلہ اور عزم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری طاقت ہے' مستونگ کے علاقے میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ قابل مذمت ہے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکار عزت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار عزت اللہ نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی غیر معیاری موبائل سروس پر برہم، ٹیلی کام کمپنیوں کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی نے غیر معیاری موبائل سروس پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ٹیلی کام کمپنیوں کو طلب کرلیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد کی وزیراعظم سے ملاقات

پاکستان اورگیٹس فاؤنڈیشن کے درمیان تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کیلئے پرعزم ہے، کیش لیس پاکستان کا (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

تمام زیر التوا معاملات مکمل کرکے آڈٹ حکام کو مطمئن کیا جائے، اصغر ترین

تین سال کے دوران منصوبے کی مجموعی طبعی پیش رفت صرف 12.43 فیصد جبکہ مالی پیش رفت 10 فیصد رہی

تمام زیرِ التوا معاملات مکمل کرکے آڈٹ حکام کو مطمئن کیا جائے اور PAC کو پیش رفت سے آگاہ کیا جائے' چیئرمین بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیرِ صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے ارکان عبیداللہ گورگیج، صفیہ فضل، فضل قادر مندوخیل اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری جنگلات عمران گچکی، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، اسپیشل سیکریٹری سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال سمیت متعلقہ محکموں کے دیگرافسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں پروجیکٹ ڈائریکٹر، ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام (فاریسٹری اینڈ وائلڈ (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

اتحادی جماعتوں کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) پیپلزپارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان اعتماد کا بحران تاحال ختم نہ ہوسکا، پیپلزپارٹی اور مسلم (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے 33 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے جمعرات کو مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران دو صحافیوں (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کے ساتھ ڈاک ٹکٹ اکٹھا کرنے والے طلباء کا گروپ فوٹو

خواتین پر تشدد اور تیزاب گردی جیسے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں' سرفراز بگٹی

متاثرہ خاتون کے علاج معالجے اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے پہلی نرس پی ایچ ڈی ڈاکٹر انیلہ سرین ملاقات کر رہی ہیں

حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، صادق عمرانی

موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن وامان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں

کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس نیک کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کرسکتا' صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن وامان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں اس کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوچکے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز سول (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں دہشتگرد عناصر کیخلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی، شاہد رند

دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے بلوچستان میں امن وامان کو سبوتاژ کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے

کانک میں پولیس چوکی پر حملہ قابل مذمت ہے، پولیس اہلکاروں نے حملہ آوروں کا بہادری سے مقابلہ کیا' معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چوکی پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر امن وامان کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش میں کامیاب نہیں ہوں گے شاہد رند نے فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار سپاہی عزت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید اہلکار کے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہوچکی ہیں' مولانا عبدالواسع

ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور بااصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہوچکی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر قانون نے ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کا باضابطہ افتتاح کردیا

ریٹائرڈ ہائی کورٹ جج ٹریبونل کی سربراہ، مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبوں کے ماہرین بطور ممبران شامل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں پر سرمایہ کاری سے ملک کا مستقبل روشن بنایا جاسکتا ہے، سیدال ناصر

نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرکے نہ صرف ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے

نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی سطح پر مواقع فراہم کرکے پاکستان اور پورے خطے کی ترقی وخوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے: قائم مقام چیئرمین سینٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں تقریباً 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کا سب سے بڑا اثاثہ اور مستقبل کی امید ہیں۔ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی سطح پر مواقع فراہم کرکے پاکستان اور پورے خطے کی ترقی و خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

صوبہ ہزارہ سمیت نئے صوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں' سردار محمد یوسف

اسٹیٹس کو کوئی آپشن نہیں، نئے صوبوں کی راہ میں رکاوٹیں ملک میں بے چینی بڑھا سکتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، مطالبہ علیحدگی نہیں، بہتر انتظامی نظام کیلئے ہے، یہ کام کئی سال قبل ہوجانا چاہیے تھا، ملک بھر سے چھوٹے انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے قیام کی آواز اٹھ رہی ہے، اس لئے معاملے پر باضابطہ قومی سطح پر بحث ہونی چاہیے۔ وہ ہزارہ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے صوبائی وزیر عاصم کردگیلو پارلیمانی سکرٹری مدکت علی رند اور ایم پی ایز نوابزادہ ظفراللہ خان زہری زرک خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

محکمہ صحت بلوچستان میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین برطرف کردیا

برطرفی کی سزا بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے تحت دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان محکمہ صحت میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا برطرف ملازمین میں 4 میڈیکل افسران اور ایک چوکیدار شامل ہے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی ایچ او آفس لسبیلہ میں تعینات لیڈی میڈیکل آفیسر ڈاکٹر بختاور جمال، بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال کوئٹہ میں تعینات میڈیکل آفیسر تعینات ڈاکٹر ساجد ظہور، ٹیچنگ اسپتال لورالائی میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد عرفان، ڈی ایچ او (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ، فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

برآمدات پرمبنی ترقی کو فروغ دینے کی ضرورت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل حالات کے باوجود مشاورت سے بنیادی اصلاحات کی گئی ہیں، انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے گئے، برآمدات پر مبنی معاشی ترقی اولین ترجیح ہے۔ حالیہ بجٹ سے قبل صنعتکاروں اور تاجر برادری سے متعدد ملاقاتیں کیں اور ان سے گہری مشاورت ہوئی۔ وزیر خزانہ، وزیر تجارت اور دیگر اعلیٰ افسران نے بھی ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل حالات میں تاجر برادری کی معاونت سے نمایاں اقدامات کیے گئے اور متعدد اصلاحات متعارف کرائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے گئے، کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا، براہ راست ٹیکس اور سیلز ٹیکس صارفین ادا کرتے ہیں، یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں ماضی میں ایسا نہیں ہوا جس طرح بہتری لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل سفر میں صنعتکاروں اور تاجر برادری کی مشاورت شامل رہی، ٹیم ورک کے ذریعے درست راہ پر گامزن ہیں۔ تاجر برادری کی مشاورت سے آگے بڑھیں گے۔ ہمیں برآمدات پر مبنی ترقی کو فروغ دینا ہے، حکومت نے برآمد کنندگان کو خاص طور پر ٹیکس میں ریلیف دیا ہے، تاجر برادری کو برآمدات میں اضافہ کیلئے اپنی آرا سے آگاہ کرنا چاہئے۔ عارف حبیب نے کہا کہ حکومت کے بجٹ اور برآمدات کے فروغ کیلئے کئے گئے اقدامات کو سراہتے ہیں، امید ہے کہ ملک میں مزید سرمایہ کاری آئے گی اور برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ معروف صنعتکار عمر سعید نے کہا کہ حکومتی اقدامات سے سرمایہ کاری کیلئے تاجر برادری کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ جاز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر ابراہیم نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن سمیت مختلف شعبوں میں برآمدات میں اضافہ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، انفراسٹرکچر اور اے آئی پر بھی گفتگو کی گئی، پاکستان میں اے آئی فیکٹریز بالخصوص ڈیٹا سنٹر پر توجہ مرکوز کی گئی۔ معروف صنعتکار شہزاد سلیم نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تاجر برادری کی تجاویز اور سفارشات غور سے سنی ہیں اور تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کی ہدایات کی ہیں جو کہ بہت اچھا اقدام ہے۔ معروف صنعتکار جاوید بھلوانی نے کہا کہ کراچی سمیت مختلف شہروں میں ایف بی آر کے دفاتر کھولنا وزیراعظم کا احسن اقدام ہے، اس طرح کی ملاقاتیں تسلسل سے ہونی چاہئیں، اس سے ملکی برآمدات اور معیشت میں بہتری آئے گی۔

ختمِ نبوت ﷺ اور سوشل میڈیا کا فکری محاذ

مولانا محمد اسامہ

عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ قرآنِ کریم نے رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین قرار دیا اور امت مسلمہ نے ابتدا ہی سے اس عقیدے کو واضح طور پر تسلیم کیا۔ ختمِ نبوت ﷺ کا تحفظ اسی لیے محض ایک تاریخی مسئلہ نہیں بلکہ ایمان، دینی شناخت اور علمی ذمہ داری کا حصہ ہے۔ البتہ ہر دور میں اس کے تقاضے ایک جیسے نہیں رہے۔ آج کا دور سوشل میڈیا کا دور ہے، اس لیے فکری جدوجہد کا ایک اہم میدان بھی یہی بن چکا ہے۔

آج ایک موبائل فون کے ذریعے کوئی بھی شخص ہزاروں لوگوں تک اپنی بات پہنچا سکتا ہے۔ مذہبی موضوعات بھی اسی ذرائع ابلاغ کا حصہ ہیں۔ قادیانیت کے حوالے سے بھی مختلف قسم کا مواد سوشل میڈیا پر گردش کرتا ہے۔ کہیں اس پر گفتگو ہوتی ہے، کہیں اعتراضات پیش کیے جاتے ہیں اور کہیں ایسے دعوے سامنے آتے ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ مسئلہ صرف یہ نہیں کہ غلط مواد موجود ہے؛ اصل مسئلہ یہ ہے کہ بہت سے نوجوان اس مواد کو جانچنے کے لیے مستند علمی رہنمائی سے محروم ہیں۔

یہ صورتِ حال ہم سے ایک سنجیدہ سوال کرتی ہے کیا ہم نئی نسل کو عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ صرف جذبات کے ذریعے سمجھا سکتے ہیں؟ جواب واضح ہے کہ نہیں۔ آج کے نوجوان کے سامنے سوال ہے، وہ دلیل مانگتا ہے، حوالہ دیکھتا ہے اور مختلف آرا کا تقابل کرتا ہے۔ اگر اسے اپنے عقیدے کی بنیاد، اس کے دلائل اور امت کی علمی روایت کا علم نہیں ہوگا تو محض نعرے اسے فکری طور پر مضبوط نہیں کر سکتے۔

قادیانیت کے مسئلے کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے ختمِ نبوت ﷺ کے اسلامی تصور کو سمجھنا ضروری ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔ یہی وہ بنیادی عقیدہ ہے جس سے قادیانیت کا بنیادی اختلاف پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے اس مسئلے پر علمی گفتگو کرتے ہوئے اصل توجہ عقیدے کی وضاحت، مستند دلائل اور تاریخی حقائق پر ہونی چاہیے، نہ کہ غیر ضروری اشتعال پر۔

پاکستان میں اس مسئلے کا ایک آئینی پہلو بھی موجود ہے۔ آئینِ پاکستان میں مسلمان کی تعریف اور قادیانی گروہوں کی آئینی حیثیت سے متعلق واضح دفعات موجود ہیں۔ اسی آئینی نظام میں تمام شہریوں کے حقوق بھی بیان کیے گئے ہیں۔ اس لیے عقیدے کے دفاع اور آئینی و قانونی ذمہ داریوں دونوں کو ساتھ سمجھنا ضروری ہے۔ کسی بھی مذہبی اختلاف کو قانون ہاتھ میں لینے یا کسی شہری کے خلاف تشدد کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔

موجودہ دور میں سوشل میڈیا نے قادیانیت کے مسئلے کو ایک نئے فکری مرحلے میں داخل کر دیا ہے۔ پہلے کسی نظریے کے خلاف علمی جواب کتاب، مضمون یا تقریر کے ذریعے سامنے آتا تھا، اب چند منٹ کی ویڈیو اور چند سطروں کی پوسٹ لاکھوں لوگوں تک پہنچ سکتی ہے۔ اس تبدیلی کا مقابلہ صرف روایتی انداز سے نہیں کیا جا سکتا۔ اگر مخالف نقطہ نظر جدید ذرائع استعمال کر رہا ہے تو ہمیں بھی اپنے علمی مواد کو جدید ذرائع تک پہنچانا ہوگا۔

یہاں علماء کی ذمہ داری سب سے زیادہ ہے۔ ختمِ نبوت ﷺ کے موضوع پر مستند اور آسان فہم مواد تیار ہونا چاہیے۔ نوجوانوں کے عام سوالات جمع کیے جائیں، ان کے مدلل جوابات تیار کیے جائیں اور انہیں ویڈیوز، مضامین، سوال و جواب اور مختصر مطالعاتی مواد کی شکل میں عام کیا جائے۔ صرف یہ کہنا کافی نہیں کہ نوجوان سوشل میڈیا سے دور رہیں؛ ضرورت یہ ہے کہ انہیں سوشل میڈیا پر درست اور مستند مواد بھی فراہم کیا جائے۔

دینی مدارس کو بھی اس بدلتے ہوئے ماحول کو سمجھنا ہوگا۔ طلبہ کو عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ کے روایتی دلائل کے ساتھ جدید فکری سوالات سے بھی واقف کرانا ضروری ہے۔ آج کوئی نوجوان صرف یہ نہیں پوچھتا کہ ایک عقیدہ کیا ہے؛ وہ یہ بھی پوچھتا ہے کہ اس عقیدے کی دلیل کیا ہے، اس کے تاریخی شواہد کیا ہیں اور جدید اعتراضات کا جواب کیسے دیا جائے۔ ایسے سوالات کا جواب تحقیق اور مطالعے سے ہی دیا جا سکتا ہے۔

اسی طرح دینی جماعتوں اور مذہبی تنظیموں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ سوشل میڈیا کو صرف سیاسی سرگرمی یا اعلانات کا ذریعہ نہ سمجھیں۔ اسے علمی دعوت اور فکری تربیت کا ذریعہ بھی بنایا جائے۔ ختمِ نبوت ﷺ کے حوالے سے مستقل علمی سلسلے شروع کیے جائیں، نوجوانوں کے لیے مطالعاتی پروگرام ہوں اور مستند اہلِ علم کی گفتگو عام کی جائے۔

ایک اور اہم بات یہ ہے کہ عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ کے دفاع میں زبان کا انتخاب بھی اہم ہے۔ سخت الفاظ اور اشتعال انگیز گفتگو بسا اوقات اصل علمی موقف کو پس منظر میں لے جاتی ہے۔ مضبوط عقیدہ اپنی جگہ واضح دلیل رکھتا ہے؛ اسے ثابت کرنے کے لیے غیر ذمہ دارانہ زبان کی ضرورت نہیں۔ ہمیں اختلافِ عقیدہ کو واضح کرتے ہوئے بھی قانون، اخلاق اور معاشرتی ذمہ داری کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے۔

اسی حقیقت کو علامہ اقبالؔ کے ان اشعار کی روشنی میں بھی سمجھا جا سکتا ہے:

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق
ہجوم کیوں ہے زیادہ شراب خانے میں
فقط یہ بات کہ پیرِ مغاں ہے مردِ خلیق

نوجوان نسل کو اس موضوع پر خاص طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ آج کا نوجوان معلومات کی کمی کا شکار نہیں بلکہ مستند معلومات کے انتخاب کے مسئلے سے دوچار ہے۔ اس کے سامنے ایک ہی موضوع پر کئی متضاد دعوے موجود ہیں۔ اس لیے اسے صرف معلومات نہیں بلکہ تحقیق کا طریقہ بھی سکھانا ہوگا۔ اسے معلوم ہونا چاہیے کہ حوالہ کہاں سے لینا ہے، تاریخی دعوے کو کیسے جانچنا ہے اور سوشل میڈیا کی ہر وائرل پوسٹ کو حقیقت نہیں سمجھنا۔

ختمِ نبوت ﷺ کے تحفظ کی مؤثر جدوجہد وہ ہے جو عقیدے کو مضبوط کرے، علم میں اضافہ کرے اور نئی نسل کو فکری طور پر تیار کرے۔ آج ضرورت جلسوں اور نعروں کے ساتھ ساتھ کتاب، تحقیق، درس، مکالمے اور ڈیجیٹل ابلاغ کی بھی ہے۔ اگر ہم نے اس میدان کو خالی چھوڑ دیا تو دوسرے لوگ اپنی تعبیرات کے ساتھ نوجوانوں تک پہنچتے رہیں گے۔

میدان بدل گیا ہے، مسئلہ وہی ہے؛ طریقہ ابلاغ بدل گیا ہے، عقیدہ وہی ہے۔ اس لیے آج ختمِ نبوت ﷺ کے تحفظ کا ایک اہم تقاضا یہ ہے کہ ہماری علمی آواز بھی اسی رفتار سے نوجوانوں تک پہنچے جس رفتار سے سوالات اور اعتراضات پہنچ رہے ہیں۔ عقیدے کی حفاظت جذبات سے شروع ہو سکتی ہے، لیکن اسے مضبوط بنیاد علم، دلیل اور صحیح تربیت ہی فراہم کرتی ہے۔

نئے صوبے یا کچھ اور۔۔۔؟

میاں حبیب

آج کل نئے صوبوں کی تشکیل پر گرما گرم بحث جاری ہے۔ اسی ایشو پر سیاست اور صحافت ہو رہی ہے، حق اور مخالفت میں دلائل دیے جا رہے ہیں، سیاسی جماعتیں اپنے اپنے کنسرن شو کر رہی ہیں، نظام کے ناکام ہونے کا چرچا ہے، نئے صوبوں کے قیام کو نئے نظام سے جوڑا جا رہا ہے اور تمام تر مسائل کا حل نئے صوبوں کے قیام سے مشروط کیا جا رہا ہے۔ چونکہ اس وقت پورا معاشرہ جمود کا شکار ہے۔ نہ سیاسی حالات مستحکم ہو پائے ہیں، نہ معاشی بہتری لائی جا سکی ہے۔ مہنگائی ہر روز زور پکڑ رہی ہے، روزگار کے مواقع محدود سے محدود تر ہوتے جا رہے ہیں، انتظامی معاملات بھی شتر بے مہار ہیں، نہ پولیس کنٹرول میں ہے نہ انتظامیہ۔ سرکاری افسر اپنی جگہ من مانیاں کرتے دکھائی دیتے ہیں تو ایسے حالات میں عام آدمی کی مایوسی بڑھتی جا رہی ہے۔ ان سارے حالات کو اس سے جوڑا جا رہا ہے کہ چونکہ انتظامی یونٹ بہت بڑے ہیں لوگوں کے مسائل حل نہیں ہو پا رہے اس لیے تمام تر مسائل کا حل چھوٹے صوبوں کی تشکیل میں ہے کئی قسم کے فارمولے زیر بحث ہیں پنجاب کو تین حصوں میں سندھ کو دو حصوں میں بلوچستان کو چار حصوں میں اور خیبر پختون خواہ کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی بات کی جا رہی ہے اسلام آباد، کراچی اور گوادر کو وفاقی حیثیت دینے کی باتیں ہو رہی ہیں کچھ لوگ ڈویژنل سطح پر صوبے بنانے کی باتیں کر رہے ہیں لیکن اس بحث کے بیچوں بیچ ایک مضبوط بلدیاتی نظام کی بھی بات کی جا رہی ہے۔ میری ذاتی رائے ہے کہ برطانوی طرز کا نظام وضع ہونا چاہیے۔ ہر ضلع کی سطح پر ضلعی حکومتیں قائم کی جائیں، ہر ضلع کا گورنر اور میئر ہو، ہر ضلع کی اپنی انتظامیہ اور پولیس ہو، مقامی سطح پر ٹیکس لگائے جائیں، ہر ضلع اپنے ترقیاتی کام کروائے، صوبائی حکومتیں ختم کر دی جائیں اور صوبوں کے اختیارات ضلعوں کو منتقل کر دیے جائیں جس طرح برطانیہ میں لوکل گورنمنٹ کا بارو سسٹم ہے۔ جبکہ باقی تمام تر اختیارات وفاقی حکومت کے پاس ہوں۔ خارجہ امور، خزانہ، دفاع جیسے معاملات وفاق کے پاس ہوں اور قومی پالیسیاں تشکیل دینا وفاق کا کام ہو۔ باقی تمام تر معاملات اضلاع کے سپرد کر دینے چاہئیں۔ اس سے صوبائیت ختم ہو جائے گی، لوگوں کے مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے، اضلاع میں ترقی اور بہتری کا مقابلہ سازی کا رجحان بڑھے گا۔ جو ضلع زیادہ سہولتیں دے گا لوگ وہاں سرمایہ کاری کریں گے۔ صوبوں اور وفاق کی بلیک میلنگ ختم ہو جائے گی، علاقائی سیاست کی جگہ وفاقی اور مقامی سیاست لے لے گی۔ لیکن اصل مسئلہ تو نیتوں کا ہے۔ دنیا میں بہت سارے نظام مختلف اشکال میں کامیابی کے ساتھ ڈیلیور کر رہے ہیں اور وہاں کے عوام بھی مطمئن دکھائی دیتے ہیں کیونکہ ان کے مسائل حل ہو رہے ہوتے ہیں، ان کی ضرورتیں پوری ہو رہی ہوتی ہیں۔ ہم نے پچھلے 79 سال میں مختلف قسم کے نظام آزما کر دیکھ لیے ہیں لیکن عوام مطمئن نہیں ہو پا رہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے سسٹم میں تسلسل نہیں، ہم نے پاکستان کو نظاموں کی لیبارٹری بنا دیا ہے جہاں روز نت نئے تجربات کیے جاتے ہیں۔ جب تک تسلسل کے ساتھ اور عوام کو ڈیلیور کرنے کی نیت کے ساتھ آگے نہیں بڑھا جائے گا معاملات میں بہتری نہیں آ سکتی کیونکہ دنیا میں کوئی نظام اچھا اور برا نہیں ہوتا، اصل معاملہ نظام کو چلانے والوں کی نیتوں پر منحصر ہے۔ اگر نظام چلانے والوں کی نیت درست ہے اور وہ ڈیلیور کرنا چاہتے ہیں تو وہ برے سے برے سسٹم میں بھی لوگوں کو ڈیلیور کر سکتے ہیں لیکن اگر آپ سونے کے حروف سے لکھا کوئی سکہ بند نظام لے آئیں مگر اس پر عملدرآمد کروانے والوں کی نیت درست نہیں تو وہ بھی ڈیلیور نہیں کر سکتا۔ دنیا میں کئی جگہوں پر بادشاہتیں ہیں۔ کہیں صدارتی نظام ہے، کئی قسم کے پارلیمانی جمہوری نظام چل رہے ہیں لیکن وہ کامیابی کے ساتھ عوام کو ڈیلیور کر رہے ہیں جبکہ ہمارے ہاں ہر نظام ناکام ہو رہا ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ہمارے ہاں نظام کی بالادستی نہیں، شخصیات کی بالادستی ہے۔ ہمارے ہاں نظام شخصیات کے زیر اثر ہے، شخصیات نظام کے زیر اثر نہیں

محنت اور سرمائے کا اسلامی تصور

قیوم نظامی

تمام ماہرین معاشیات اس بات پہ متفق ہیں کہ محنت زمین سرمایہ اور تنظیم (Entrepreneurship) پیداواری عوامل ہیں اور چاروں باہم مل کر پیداوار میں اضافے کا سبب بنتے ہیں. "معاشی ارتقائی تناظر میں دیکھا جائے تو سرمایہ اور ٹیکنالوجی بھی انسانی محنت صلاحیت اور ذہانت ہی کی پیداوار ہیں لیکن سرمایہ جوان ہو کر خود سر اور فسادی ہو جاتا ہے اور محنت کو آپنے زیر تسلط کر کے اس کے جائز حق سے محروم کرنے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہتا ہے۔ یہی کشمکش سرمایہ دار کو محنت کش کے مقابل لا کھڑا کرتی ہے" (حوالہ کالم آصف محمود وینس)۔

اسلام نے محنت اور سرمایہ دونوں کو معاشی زندگی کے جائز اور ضروری عناصر قرار دیا ہے لیکن ان دونوں کے استعمال کو اخلاقی قانونی اور سماجی ذمہ داریوں سے مشروط کیا ہے۔

اسلام نہ سرمایہ کی مطلق مخالفت کرتا ہے اور نہ محنت کش کے استحصال کی اجازت دیتا ہے۔

قرآن کا معاشی تصور عدل حلال کمائی باہمی رضامندی گردشِ دولت اور انسانی فلاح پر قائم ہے۔

قرآن انسان کو اپنی کوشش اور محنت کا ذمہ دار قرار دیتا ہے ''اور یہ کہ انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی۔'' (سورۃ النجم، 53:39)۔

یہ آیت اس اصول کو واضح کرتی ہے کہ انسان کی معاشی اور عملی جدوجہد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اسلام محنت ہنر تجارت زراعت اور جائز پیشوں کے ذریعے رزق حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

قرآن میں ارشاد ربانی ہے ''پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو۔'' (سورۃ الجمعہ، 62:10)۔

یعنی عبادت کے ساتھ حلال معاشی جدوجہد بھی زندگی کا اہم حصہ ہے۔ اسلام نے فرد کو جائز طریقے سے حاصل کیے گئے مال کی ملکیت کا حق دیا ہے

''مردوں کے لیے اس میں حصہ ہے جو انہوں نے کمایا اور عورتوں کے لیے اس میں حصہ ہے جو انہوں نے کمایا۔'' (سورۃ النساء، 4:32)۔

لیکن سرمایہ دار کو یہ حق نہیں کہ وہ دولت کو حرام ذرائع دھوکے استحصال یا ناجائز اجارہ داری کے ذریعے بڑھائے قرآن جائز تجارت کو تسلیم کرتا ہے: ''مگر یہ کہ باہمی رضامندی سے تجارت ہو۔'' (سورۃ النساء، 4:29)۔

اس سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام میں مارکیٹ تجارت اور سرمایہ کاری بنیادی طور پر جائز ہیں بشرطیکہ ان میں رضامندی دیانت اور انصاف موجود ہو قرآن نے سود کی شدید ممانعت کی ہے

''اللہ نے تجارت کو حلال کیا اور سود کو حرام کیا۔'' (سورۃ البقرہ، 2:275)۔

یہاں ایک اہم فرق سامنے آتا ہے: اسلام حقیقی تجارت اور پیداواری معاشی سرگرمی کو جائز اور سودی استحصال کو ممنوع قرار دیتا ہے۔

اسلام کے معاشی فلسفے کا ایک بنیادی اصول دولت کی منصفانہ گردش ہے: ''تا کہ وہ مال صرف تمہارے مال داروں ہی کے درمیان گردش کرتا نہ رہے۔'' (سورۃ الحشر، 59:7)۔ یہ آیت معاشی نظام کے لیے ایک نہایت اہم اصول فراہم کرتی ہے کہ سرمایہ معاشرے میں گردش کرے اور دولت کا ارتکاز عام لوگوں کے معاشی حقوق کو متاثر نہ کرے۔ اسلامی معاشی نظام میں محنت کش محض پیداوار کا ایک ذریعہ نہیں بلکہ حقوق رکھنے والا انسان ہے۔ قرآن معاشی ناانصافی سے روکتا ہے ''خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے۔'' (سورۃ المطففین، 83:1)۔ اسی طرح قرآن عدل کا عمومی حکم دیتا ہے:

''بے شک اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔'' (سورۃ النحل، 16:90)۔

اس لیے اجرت ملازمت تجارت اور کاروباری معاملات میں انصاف اور انسانی وقار بنیادی شرائط ہیں اسلام سرمایہ کو صرف ذاتی مفاد تک محدود نہیں رکھتا۔ زکوٰۃ کے ذریعے مال دار طبقے کی دولت میں معاشرے کے مستحق افراد کا حق مقرر کیا گیا ہے ''اور ان کے مالوں میں مانگنے والے اور محروم کے لیے حق ہے۔'' (سورۃ الذاریات، 51:19)۔

اس تصور کے تحت سرمایہ ذاتی ملکیت کے ساتھ سماجی ذمہ داری بھی ہے ؟ اسلام کا معاشی تصور نہ خالص سرمایہ داری ہے اور نہ محنت کی ایسی تعبیر جس میں ذاتی ملکیت ختم کر دی جائے۔ اسلام محنت کو عزت سرمایہ کو جائز ملکیت تجارت کو حلال ذریعہ سود کو ممنوع زکوٰۃ کو سماجی ذمہ داری اور معاشی عدل کو ریاست و معاشرے کی بنیادی ذمہ داری قرار دیتا ہے۔

اسلامی اصول کا خلاصہ یہ ہے:

محنت کو اس کا حق ملے سرمایہ کو جائز منافع ملے مزدور کا استحصال نہ ہو سرمایہ حرام ذرائع سے نہ بڑھے دولت چند ہاتھوں میں مقید نہ ہو اور معاشی نظام کا آخری مقصد انسانی فلاح اور اجتماعی عدل ہو۔ علامہ اقبال نے کیا خوب فرمایا

یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند
بتانِ وہم و گماں لا الہ الا اللہ۔

یہی وہ زاویہ ہے جس سے قرآن کا معاشی تصور محنت اور سرمایہ کی شراکت" کی بنیاد فراہم کرتا ہے نہ کہ محنت اور سرمایہ کو ایک دوسرے کا دشمن بنانے کی۔۔ جب تک بارٹر سسٹم چلتا رہا انسانی محنت کی قدر قائم رہی لیکن صنعتی انقلاب کے دور میں پیداوار میں بے پناہ اضافہ اور اس پہ زیادہ سے زیادہ منافع کے حصول کی جہدوجہد سے محنت اور سرمایہ دار کی باہمی کشمکش میں اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆☆

منظرنامہ

اتحاد اہلسنت کے انتخابات وقت کی اہم ضرورت

تحریر: عبدالفتاح عباسی

یہ حقیقت ہے کہ ہر کوئی جانتا اور سمجھتا ہے کہ اتحاد و اتفاق میں بہت بڑی برکت ہے اور اس اتحاد و اتفاق کے ثمرات بے شمار ہیں۔ وہ قومیں، جماعتیں اور تنظیمیں ہمیشہ خوشحال اور منظّم رہتی ہیں جو اپنے لوگوں، کارکنوں اور ورکرز سے قربت، محبت، پیار، برداشت، رواداری، عزت و تکریم کا اظہار کرتی ہیں۔ جن تنظیموں، جماعتوں اور پارٹیوں میں جمہوریت قائم رہتی ہے، درحقیقت وہی تنظیمیں، جماعتیں اور پارٹیاں طاقتور اور مضبوط ہوتے ہیں۔ جن ممالک میں ابھی بھی کچھ جمہوریت موجود ہے، ان کے کارکن، ورکرز اور رہنما بہت خوش قسمت ہیں، کیونکہ غیر جمہوری اقدامات کے خوفناک سائے پورے نظام کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ جہاں جہاں ووٹنگ کا جمہوری نظام برقرار رہا ہے وہاں کم از کم ووٹ ڈالنے کے لیے کارکنوں اور عوام کی عزت توقیر احترام تو باقی رہتا ہے اور یہ خدشہ ہے کہ اگر ہم نے کسی ووٹر کا خیال نہ رکھا تو شاید اگلے الیکشن میں ووٹ دینے والے امیدواروں کو وہ ردعمل نہ ملے۔ الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواروں بشمول عوام، کارکنان اور ورکرز کے لیے ایک ہی راستہ یہ ہے کہ وہ اپنی محنت، اپنی کوشش، اپنی کارکردگی، اپنی عوامی رابطہ مہم شروع کریں اور ہر ووٹر تک جائیں۔ تب الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواروں کو یہ احساس ہونے لگے گا کہ سب سے قیمتی اور طاقتور قوت ووٹ کی اہمیت، افادیت اور حیثیت ہے۔ تاریخی شہر لاڑکانہ میں جماعت اہلسنت کے اتحاد اہلسنت کے عاشقان رسول ﷺ جو کہ الصلوات والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ ....وعلی آلک واصحابک یا سیدی یا محمد نور من نور اللہ ﷺ، اتحاد اہلسنت ایک وسیع تر پلیٹ فارم کے طور پر رجسٹرڈ ہے جو 2004ع میں باضابطہ طور پر قائم ہوا تھا، جماعت اہلسنت کے ممتاز مفکرین نے اس اتحاد اہل سنت کا نام تجویز کیا اور رہنمائی فرمائی اور جمعیت علمائے پاکستان اور ورلڈ اسلامک مشن کے سربراہ حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ کے سچے مجاھد جمعیت علمائے پاکستان کے صوبائی رہنما علامہ حافظ احمد علی عباسی رحمۃ اللہ علیہ اور مجاہد اہلسنت علامہ بدرالدین سرہیو کا سرفہرست اور قابل ذکر نام ہیں، جب کہ مشہور درگاہ غریب آباد کے پیر سائیں دیدہ دل غفاری، مشہور عالم دین محمد علی جت حسینی، حافظ گل حسن جتوئی، مولانا منظور علی نعیمی سابق صدرِ تنظیم اہلسنت رہ چکے ہیں۔ اس اتحاد اہل سنت میں سندھ کی مشہور درگاہ مشوری شریف کے صاحبزادہ سائیں محمد حسن مشوری نے بھی کارکنان اور ورکرز کو اکٹھا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے لاڑکانہ شہر کے سمبارا ہوٹل میں کئی مرتبہ مشاورت کر کے سازگار ماحول پیدا کرنے میں اچھا کردار ادا کیا۔ اس وسیع پلیٹ فارم میں اب تک جماعت اہل سنت کے بیس گروپ شامل ہیں جب کہ سندھ کی مشہور دینی جماعتیں خانقاہوں سمیت درگاہیں بھی بڑی تعداد میں شامل ہونے جا رہی ہیں۔ 2019 سے مزید موثر عوامی خدمت کے قابل تحسین کردار میں اس اتحاد اہل سنت کی سرگرمیاں عروج پر پہنچنے کے بعد اس اتحاد اہل سنت کے کارکنوں اور رضا کاروں کا جوش، جذبہ اور ولولہ اور بھی بڑھنا شروع ہو گیا ہے۔ جس کے بعد سالانہ انتخابات کے حوالے سے ہر طرف سے اتحاد اہل سنت کے گروپوں اور ذیلی تنظیموں کا جوش، جذبہ اور ولولہ دیکھا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس اتحاد اہل سنت میں ملک کی مشہور روحانی درگاہ عالیہ رحمت پور شریف کے عظیم ولی کامل حضرت محمد عبدالغفار المعروف پیر مٹھا سائیں نقشبندی مجددی فاضلی رحمت اللہ علیہ کے سجادہ نشین قبلہ حضرت پیر سائیں محمد عبدالغفار المعروف پیر مٹھا ثانی نقشبندی مجددی دامت برکاتہم عالیہ جو کہ اتحاد اہل سنت کے انتخابات کے انعقاد کے لیے سرگرم ہیں۔ اس اتحاد اہل سنت کے لیے ایک نیا جوش و جذبہ پیدا ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ پیر مٹھا سائیں رحمت پوری کی اصلاحیؒ روحانی خانقاہ ابتداء سے ہی امت محمدی کے لیے باعث مسرت رہی ہے۔ اس وقت بھی اتحاد اہل سنت کے مختلف اجلاسوں میں مختلف جماعتوں کو یہ سمجھایا گیا ہے کہ ان کے قیمتی ووٹ اپنے اتحاد اہل سنت کے انتخابات میں نمایاں، سنجیدہ، متحمل، دلیر امیدواروں کو ڈالیں۔ اس حوالے سے واضح اور کھلا موقف رہا ہے کہ اتحاد میں طاقت ہے، اپنی صفوں میں اتحاد مضبوط رکھیں۔ انشاء اللہ جماعت اہل سنت اتحاد و اتفاق سے اپنے مطلوبہ حقوق حاصل کرے گی۔ اسی طرح اتحاد اہل سنت کے سابق صدر مولانا منظور علی نعیمی جو کہ ایک عرصہ تک منتخب رہے۔ اس نوجوان اور اس کے ساتھیوں کی کاوشوں اور کوششوں سے شہدائے کربلا کی یاد میں یکم محرم الحرام سے دسویں محرم الحرام تک عظیم الشان اجتماعات کرنا، پورے صفر مہینے میں 25 صفر کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ولولہ انگیز شخصیت اور پیغام کو عام کرنے کے لیے ایک اجتماعات کا انعقاد کرنے کا سلسلہ قائم رکھنا، یکم ربیع الاول سے جشن عید میلاد النبی ولادت پاک حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم منانے کیلئے سرگرم عمل رہنا، حالیہ ہی میں میلاد چوک کمشنر آفس کے سامنے اور تاجدار ختم نبوت چوک قائم شاہ بخاری روڈ نزد میونسپل ہائی سکول لاڑکانہ میں قیام اس طرح ہر ماہ مختلف پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں جن میں جشن آمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہلبیت پاک، یوم خلفائے راشدین، اور بزرگان دین، اولیاء اللہ، کاملین کے دن منانا شامل ہیں۔ اتحاد اہلسنت کے ذریعے عوام اہلسنت کے اجتماعی کام کرنا اور اہل سنت میں مقبولیت حاصل کرنا ہے۔ اس

اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے پرجوش امیدواروں کو ووٹ دیا جائے اور ان کی حمایت کی جائے، جبکہ اتحاد اہلسنت کے رہنماؤں حافظ جام شعیب احمد جونیجو، حافظ در محمد سہڑو، حافظ سائیں نالے مٹھو مشوری، حافظ خالد حسین قاسمی، مولانا جنید مصطفیٰ سرہیو، حافظ ممتاز علی کولاچی، مشہور اسکالر مولانا محمد عبدالنبی لانگاہ، حافظ روشن علی پنہور، حضرت سائیں محمد عبدالحنان قریشی نقشبندی قادری رحمت اللہ علیہ کے حلقہ احباب میں سب سے زیادہ پیارے مولانا سعید احمد نقشبندی، حافظ بشیر احمد شیخ، حافظ احمد نواز طاہری، ڈاکٹر عبدالوحید عباسی، محمد بابر غفاری، مولانا صدام حسین حسینی، جاوید علی ٹگڑ، علامہ نجم الدین اشرفی اور جماعت اہلسنّت کے دیگر سرگرم دوست اپنے نمایاں کردار میں قابلِ تحسین ہیں جنہوں نے ہمیشہ جماعت اہلسنّت کے وسیع تر مفادات میں مصروف عمل رہے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اتحاد اہلسنت کے انتخابات 19 ستمبر کو ہونے چاہئیں اور یہ بات ذہن نشین رہے کہ یہ الیکشن معزز مذہبی جماعتوں کے اتحاد کا انتخاب ہے۔ ہر رکن، اپنی مرضی سے، آئینی اور قانونی طور پر، جس بھی امیدوار کا انتخاب کرتا ہے، اپنا قیمتی ووٹ ڈالتا ہے۔ اتحاد اہلسنت میں درج ذیل سرگرم ہیں۔

1 پاکستان سنی تحریک
2 سنی تحریک
3 جمعیت علماء پاکستان
4 جمعیت علماء پاکستان (نورانی)
5 تحریک منہاج القرآن
6 جمعیت علمائے سکندریہ
7 ادارۃ الفیضان
8 قادری تحریک
9 تنظیم اصلاحِ الفقراء حسینیہ
10 جماعت اصلاح المسلمین
11 انجمن جوانان اسلام
12 جماعت اہل سنت قاسمیہ
13 مرکزی جماعت اہل سنت
14 جماعت اہل سنت لاڑکانہ
15 انجمن طلبہ اسلام
16 تحریک لبیک یا رسول اللہ ﷺ
17 جماعت اہل سنت اشرفی۔
18 جماعت مشائخ اہلسنت
19 انجمن شہداء میلاد مصطفیٰ ﷺ کمیٹی
20 جماعت اہل سنت قادریہ قلندریہ (درگاہ فیض پور شریف)، جبکہ 19 ستمبر کو ہونے والے الیکشن کا شیڈول اتحادِ اہل سنت لاڑکانہ کے تنظیمی انتخابات کا باقاعدہ الیکشن شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔

تنظیم کی رجسٹریشن فارم واپسی
9 ستمبر 2026ء
الیکشن امیدوار فارم وصول کرنے کی تاریخ 9 ستمبر 2026ء
امیدوار فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ:
11 ستمبر 2026ء
دستبرداری (ہاتھ اٹھانے کی تاریخ)
13 ستمبر 2026ء

انتخابی نشان الاٹمنٹ 13 ستمبر 2026ء
الیکشن ورک ختم کرنے کی تاریخ:
17 ستمبر 2026ء
الیکشن کا دن:
19 ستمبر 2026ء
الیکشن کمیٹی
پیر سید حفیظ اللہ شاہ بخاری
شیخ عبدالعزیز قاسمی
مولانا جنید مصطفیٰ سرہیو اہم ذمہ دار مقرر کر دیئے گئے ہیں۔

اتحاد اہلسنت میں سندھ کے مشہور و معروف خانقاہوں، مشائخ اہلسنت کا بے مثال، لازوال اور اہم کردار ہے۔ اہل سنت کا یہ اتحاد خاتم النبیین، لجپال آقا و مولا حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم، عظمت اہل بیت اور عظمت صحابہ کرام، پیروں کے پیر، دستگیر، سیدنا غوث اعظم عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی قطب ربانی قندیل نورانی رحمۃ اللہ علیہ، اولیاء اللہ، کاملین، بزرگان دین، عظیم شخصیات کے پیروکار ہیں، اہل سنت کے اس اتحاد میں قادری، نقشبندی، سہروردی، چشتی عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہیں۔ جو کہ اللہ، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد و ثنا پڑھتے ہیں، اللہ ان پر سلامتی اور خوشیاں عطا فرمائے، اور جو درود و سلام کے کلمات پڑھتے ہیں، اللہ ان پر ہمیشہ رحمت نازل فرمائے اور ان پر سلامتی اور خوشی عطا فرمائے، اور جو حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھتے ہیں، ان پر اللہ اور اس کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

اتحاد اہلسنت آئینی، قانونی اور جمہوری عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے آزادانہ، صاف، شفاف اور منصفانہ انتخابات کرانے کا عہد کیا ہے۔ امید ہے کہ یہ اتحاد اہل سنت کے انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام جماعتوں کو زیادہ سے زیادہ تعاون فراہم کرے اور ایک نئی منتخب باڈی کو میدان میں اہل سنت کی صحیح خدمت کا موقع فراہم کیا جائے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پیارے آقا حضور علیہ الصلوات والسلام کے صدقے واسطے اتحاد اہلسنت کے اجتماعی خدمت کی سوچ کو مزید وسعت اور قائم دائم رکھنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین ثم آمین یارب العالمین۔

☆☆☆☆
☆☆

بقیہ 1

تلے دبے افراد کی تلاش جاری رہی۔ اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کے مشرقی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری کی جبکہ اسرائیلی جنگی کشتیوں نے خان یونس کے سمندر اور وسطی غزہ کے مشرقی علاقوں میں شدید فائرنگ کی۔ خان یونس کے شمال میں مواصی القرارہ کے علاقے شارع الطینہ میں اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں شدید زخمی ہونے والے ایک شخص کو انتہائی تشویشناک حالت میں ناصر میڈیکل کمپلیکس منتقل کیا گیا۔ شمالی غزہ کے جبالیہ پناہ گزین کیمپ میں بھی اسرائیلی فوجی گاڑیوں اور ڈرونز کی جانب سے پناہ گاہوں اور بے گھر افراد کے خیموں پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں کئی شہریوں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ کیمپ کے مشرقی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری جبکہ شمال مشرقی علاقوں میں اسرائیلی ہیلی کاپٹروں سے فائرنگ بھی کی گئی۔ اسرائیل کی جانب سے جبالیہ کیمپ میں مسجد الخلفا کے اطراف میں بھی ہیلی کاپٹروں، ٹینکوں اور توپ خانے سے فائرنگ کی گئی۔ وسطی غزہ میں البریج کیمپ کے مشرقی علاقے میں فلیئر بم بھی پھینکے گئے جبکہ جنوبی غزہ میں خان یونس کے شمال میں واقع شہر حمد کے مشرقی علاقوں کو بھی شدید فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ کارروائیاں غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے باوجود جاری ہیں۔ غزہ میں وزارت صحت کے مطابق 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت میں غزہ کے شہدا کی تعداد 73,669 جبکہ زخمیوں کی تعداد 174,652 ہوگئی ہے۔ اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں مارے جانے والوں کی لاشیں بڑی تعداد میں اب بھی ملبے تلے اور سڑکوں پر موجود ہیں۔

بقیہ 2

میں آسانی پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، تجارتی عمل میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ، کاروباری لاگت میں کمی اور برآمدات کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ تجارت میں سہولت کاری کے ذریعے پاکستان کو علاقائی اور عالمی سپلائی چینز کا مؤثر حصہ بنانے کیلئے حکومت پرعزم ہے، ٹریڈ سیلیٹیشن بورڈ کا بنیادی مقصد تجارت سے متعلق تمام طریقہ کار میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حکام کو ہدایت کی کہ زیادہ حجم کی حامل بندرگاہوں پر تمام متعلقہ ادارے کاروباری برادری کو ایک ہی مقام پر سہولیات فراہم کریں، مختلف اداروں کی مشترکہ انسپکشن اور مشترکہ پروفائلنگ کے نظام کو فروغ دیا جائے اور تمام نان ٹیرف اقدامات کا جامع آڈٹ کیا جائے اور تجارت کے راستے میں حائل غیر ضروری رکاوٹیں دور کی جائیں

بقیہ 3

،قائد اعظم نے مسلمانانِ برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کیلئے متحد ہوکر جدوجہد کرنے کا عزم وحوصلہ دیا، قائد کے اصولوں، ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے غیر متزلزل وابستگی، آئندہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کے لئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل کیلئے مشعلِ راہ ہیں۔ بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی 78 ویں برسی 11، ستمبر 2026 پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی پر پوری قوم اپنے عظیم رہبر کی بصیرت افروز قیادت، باشعور سیاسی حکمت عملی اور بے لوث قومی رہنمائی پر دِلی خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح دنیا کے وہ ممتاز رہنما ہیں جنہوں نے تاریخ کا دھارا موڑ کر انتہائی نامساعد حالات میں برصغیر کے مسلمانوں کیلئے آزاد مملکت کی راہ ہموار کی۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے مسلمانانِ برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کے لئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم وحوصلہ دیا۔

بقیہ 4

کے طور پر ابھارا ہے، پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں اور بندرگاہوں سے منسلک کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو ہانگ کانگ میں منعقد ہونے والے 11 ویں بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ بی آر آئی محض اقتصادی منصوبہ نہیں بلکہ ممالک اور اقوام کو قریب لانے کا مؤثر پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون اب تجارتی راستوں سے آگے بڑھ کر مربوط ویلیو چینز میں تبدیل ہو رہا ہے، ڈیجیٹل جدت، پائیداری اور ہنرمند روزگار کو تجارتی ڈھانچے کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان مغربی، وسطی اور مشرقی ایشیا کے درمیان ایک اہم تجارتی پل بن رہا ہے، ریلوے، سڑکوں اور ٹرانزٹ ٹریڈ روابط کی توسیع پاکستان کو وسطی ایشیا کیلئے مختصر اور مؤثر راستہ بنا رہی ہے، علاقائی روابط پاکستان کیلئے ڈیڑھ ارب صارفین پر مشتمل وسیع منڈی کے دروازے کھول رہے ہیں۔

بقیہ 5

کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی، جس کی قیادت ادارے کے ایم ڈی اور ہیڈ آف ایشیا سری نی ناگراجن کر رہے تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے توانائی کے شعبے، بالخصوص ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی جدید کاری، بیٹری اسٹوریج سسٹمز اور نجی سرمائے کی فراہمی میں باہمی تعاون کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے وفاقی وزیر کو بی آئی آئی کی تاریخی پس منظر اور عالمی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ 1987 سے پاکستان میں متحرک اس ادارے نے ملک میں تقریباً 600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی عزم ظاہر کرتا ہے اور وہ طویل المدتی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 6

مطابق چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے ارکان کی تقرری پر وزیراعظم کا خط اپوزیشن لیڈر کو موصول ہوا، وزیراعظم نے الیکشن کمیشن میں نئی تقرریوں کیلئے آئینی طریقہ کار پر عمل کی یقین دہانی کروادی۔ اس سے قبل محمود خان اچکزئی سے رانا ثنااللہ اور طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی تھی، وزیراعظم کی جانب سے خط کا جواب بھجوانے کی یقین دہانی کروائی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی کوئٹہ میں ہیں، آئندہ دو تین روز میں اسلام آباد پہنچیں گے، وہ اسلام آباد پہنچنے پر وزیراعظم کے خط پر پی ٹی آئی رہنماؤں سے مشاورت کریں گے

بقیہ 7

نہیں ہو رہے ہیں تاہم 13 اکتوبر سے پارلیمان کے اجلاس ہو رہے ہیں ان میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کی بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہاؤس ہی ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے حوالے سے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد صوبہ نہیں بن رہا ہے بلکہ ایک نئے گورننس ماڈل اختیار کرنے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد کو الگ صوبہ بنانے کی کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے کے آخر میں ذرائع نے بتایا تھا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی نظام کے بجائے نیا نظام متعارف کرانے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ جس کے تحت 27 رکنی اسمبلی ہوگی اور چیف ایگزیکٹو کیلئے وزیراعلیٰ یا میئر کا عہدہ تخلیق کیا جائے گا

بقیہ 8

نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی بے ضابطگیوں کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیا انہوں نے کہا کہ اگر مصدقہ شواہد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے نتیجے میں کسی فرد کا جرم ثابت ہوا تو ملوث کردار کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے روز اول ہی واضح کردیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی نوکری نہیں بکے گی اور اس اصولی موقف پر صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان اور پوری حکومتی مشینری ایک پیج پر ہے انہوں نے کہا کہ نوکریوں کی خرید وفروخت روکنے کیلئے ہر طرح کا دباؤ برداشت کریں گے تاہم بلوچستان کے نوجوانوں کے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی امور میں بحیثیت چیف منسٹر انہوں نے بھی کسی ذاتی مداخلت کو برداشت نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے بھائی بھی آپ کو سیکرٹریٹ میں کسی سرکاری یا نجی کام کیلئے نظر نہیں آئیں گے، چیف منسٹر سیکرٹریٹ سے کبھی بھی خلاف قانون کام کے لئے کسی افسر کو اپروچ نہیں کی جاتی اور اگر کسی سیکرٹری کو فون یا اپروچ ہو تو وہ برملا طور پر بلا خوف وخطر اس کا اظہار کرسکتا ہے انہوں نے کہا کہ اتنی انتظامی بااختیاری کے باوجود اگر کوئی سقم موجود ہو تو گورننس پر سوالات اٹھتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ حکومت میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور کسی بھی فرد کو ذاتی تعلق یا اثر ورسوخ کی بنیاد پر سرکاری امور پر اثرانداز ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افسران پر انہیں مکمل اعتماد ہے، وہ باصلاحیت ہیں اور بلوچستان کو درست سمت میں لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ سیکرٹریز کی سطح پر نوکریوں کی خرید و فروخت کا الزام ناقابلِ فہم اور کسی اعلیٰ انتظامی عہدے کے شایانِ شان نہیں۔ ہمیں سیکرٹریز کی نیت اور مثبت کردار پر کوئی شک نہیں تاہم ماتحت اہلکاروں اور ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے بلوچستان کے عوام اور پارلیمانی فورم پر کی گئی کمٹمنٹ اور ہمارے پختہ عزم کے تناظر میں کسی بھی سطح پر کوئی بے ضابطگی قطعی قابل برداشت نہیں، ہمیں سیکرٹریز کا احترام و عزت عزیز ہے اور سیکرٹریز کو بھی حکومتی پالیسیوں اور احکامات پر عمل کرتے ہوئے تکریم کرنی ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے ہوئے تعلیم اور محنت کے بعد روزگار کے حصول کے منتظر رہتے ہیں، ان کی نوکری فروخت ہونے دینا کسی صورت قابل قبول نہیں

بقیہ 9

کر رہے تھے۔ تقریب میں پاکستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین منیر ملک، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ہارون رشید، ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن کے ڈائریکٹر اسامہ مالک، پاکستان بار کونسل کے ارکان ثاقب گوندل، رضوان عباسی اور حسن رضا پاشا، اسلام آباد بار کونسل کے وائس چیئرمین آصف عرفان، سینئر ارکانِ وکالت اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ 2010 میں پاکستان بار کونسل کا رکن منتخب ہونے کے بعد انہیں چیئرمین لیگل ایجوکیشن کمیٹی کی ذمہ داری سونپی گئی، جس کے بعد لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کیلئے کام کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 15 سال کے دوران ملک میں لا کالجز سے متعلق متعدد مسائل سامنے آئے

بقیہ 10

کاشت، زیتون کے تیل کی پیداوار، تحقیق اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ پرتگال کو انتہائی کامیاب قرار دیتے ہوئے پرتگال میں زیتون کے تیل کے شعبے میں استعمال ہونے والی جدید مشینری، ٹیکنالوجی اور مہارت کو سراہا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان زیتون کے جرثومہ جاتی مواد، جدید باغبانی، مؤثر آبپاشی، پانی کے تحفظ، مشینی برداشت، زیتون کے تیل کی کشید وپیداوار اور برداشت کے بعد انتظام کے شعبوں میں پرتگال کے ساتھ تعاون کے وسیع امکانات دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے تکنیکی ماہرین کو خصوصی تربیت کیلئے پرتگال بھیجنا چاہتا ہے، جبکہ پرتگالی ماہرین بھی پاکستان کا دورہ کریں تاکہ مقامی حالات کا جائزہ لے کر موزوں ٹیکنالوجیز اور طریقہ کار کے بارے میں سفارشات پیش کرسکیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان پرتگال کے وزیرِ زراعت کے متوقع دورہ پاکستان کا منتظر ہے، جس کے دوران زرعی تعاون کو مزید آگے بڑھانے اور مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر پیش رفت متوقع ہے۔ انہوں نے پاکستان۔ پرتگال مشترکہ ورکنگ گروپ برائے زیتون تعاون کے قیام کی تجویز پیش کی، جو تعاون کے ترجیحی شعبوں کی نشاندہی، ماہرین کے تبادلے، مشترکہ تحقیقی و تربیتی پروگراموں اور زیتون کی مکمل ویلیو چین میں سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے فروغ کیلئے کام کرے گا۔

بقیہ 11

ملاقات کے دوران سیاسی وعلاقائی صورتحال سمیت محکمانہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان کی بروقت تکمیل اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے مؤثر اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مشاورت، اتفاقِ رائے اور تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات کے موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔ دریں اثنا صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی وسیاسی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر خالد لانگو نے جھالاوان ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی، قبائلی اور علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ مختلف امور پر مشاورت اور باہمی تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا۔

بقیہ 12

میں پیٹرول فی لیٹر 24 روپے 96 پیسے مہنگا کیا گیا جبکہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 22 روپے 26 پیسے کا اضافہ ہوا۔ اس دوران ڈیزل کی قیمت مسلسل بڑھتی رہی جبکہ پیٹرول صرف ایک روز کیلئے سستا ہوا۔ دستاویزات کے مطابق یکم ستمبر کو پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 342 روپے 79 پیسے تھی، جو 10 ستمبر کو بڑھ کر 367 روپے 75 پیسے ہوگئی۔ اس طرح صرف 10 روز کے دوران پیٹرول کی قیمت میں مجموعی طور پر 24 روپے 96 پیسے اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ 2 ستمبر کو پیٹرول 1 روپے 8 پیسے مہنگا کیا گیا۔ 3 ستمبر کو 2 روپے 29 پیسے اور 4 ستمبر کو 2 روپے 84 پیسے اضافہ کیا گیا

بقیہ 13

نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ایک تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے، اسلیے شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ انتظامی، ٹریفک، صفائی، صحت، تعلیم، پانی، نکاسی آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل سے نمٹنے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط اور فعال رابطہ ضروری ہے۔ عوامی خدمت کا اصل معیار یہ ہے کہ عام شہری کو اپنے مسائل کے حل کیلئے غیرضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حکومت، انتظامیہ، پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، صحت وصفائی، نکاسی آب، بجلی، پانی اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا ہونگی۔

بقیہ 14

تعلقات برقرار رکھنے کیلئے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کیے جانے کے بعد کیا گیا۔ تاہم الجزائر نے فوری طور پر سفارتی تعلقات ختم کرنے کی مخصوص وجہ بیان نہیں کی۔ دونوں ممالک کے درمیان گزشتہ کچھ عرصے سے کشیدگی میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ الجزائری میڈیا ماضی میں متحدہ عرب امارات پر خطے میں اختلافات اور انتشار کو ہوا دینے کے الزامات عائد کرتا رہا ہے۔

بقیہ 15

کمی کا مطالبہ کردیا۔ بزنس فورم نے کہا کہ ہر چیز عوام اور بزنس کمیونٹی پر نہیں ڈالی جاسکتی، حکومتی معاشی ٹیم صرف ریونیو کی سوچ سے باہر نکلے۔ چیف آرگنائزر پاکستان بزنس فورم احمد جواد نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ آٹھ ماہ میں ڈیزل کی قیمت 135 روپے اور پیٹرول کی قیمت 114 روپے فی لیٹر بڑھ چکی، مہنگائی ہر ماہ بڑھ رہی ہے اور معیشت سست روی کا شکار ہے۔ پہلے ہی مہنگی بجلی اور لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔ ٹیکس ریونیو ہر سال بڑھ رہا ہے لیکن معیشت نہیں چل رہی یہی تو خرابی ہے۔ حکومت صرف ریونیو کے بجائے ریلیف کیلئے بھی سوچے

بقیہ 16

تمام ڈاک ٹکٹ / پوسٹل اسٹیمپس کو ایک جگہ جمع کیا ہے جو اس سے پہلے بھی اکٹھی نہیں کی گئی تھیں۔ متروک سمجھے جانے والے اس مشغلہ کو ان طلبہ نے از سر نو زندہ کردیا ہے جو بلوچستان اور اس اسکول کیلئے قابل تحسین اقدام ہے۔ طلبہ نے اس کامیابی کو اپنے والدین، سکول کے پرنسپل اور اساتذہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا نتیجہ قرار دیا ہے جن سے تعلیمی اداروں میں رہنمائی کی اہمیت بھی نمایاں ہوکر سامنے آئی ہے۔

بقیہ 17

کے خلاف جنگ پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ وزیراعلیٰ نے فائرنگ کے نتیجے میں سپاہی عزت اللہ کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے شہید پولیس اہلکار کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمی سپاہی نصیب اللہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ان کے علاج معالجے کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے جوان اپنی جانوں کی قربانیاں دے کر صوبے کے امن کا دفاع کر رہے ہیں۔ شہید سپاہی عزت اللہ کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے صوبے کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا

بقیہ 18

جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ شہید پولیس اہلکار کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کا حوصلہ اور عزم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری طاقت ہے۔

بقیہ 19

مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی وفد میں گیٹس فاؤنڈیشن کی نمائندگان کلپنا کوچرا اور انیتا زیدی شامل تھیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے ترقیاتی چیلنجز کے دوران گیٹس فاؤنڈیشن کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کیلئے پرعزم ہے، پولیو کے خاتمے کے قومی پروگرام کو اعلیٰ ترین سطح پر سرپرستی حاصل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے قابل قدر کردار ادا کیا ہے

بقیہ 20

برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا اجلاس رکن قومی اسمبلی سید امین الحق کی زیرِ صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ ملک بھر میں غیر معیاری موبائل سروس اور انٹرنیٹ کنیکٹویٹی کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر میں غیر معیاری موبائل سروس کا مسئلہ نمٹانا ضروری ہے، موبائل سروس کا معیار بہتر بنانا بہت زیادہ ضروری ہے، تین مرتبہ کال کرنی پڑتی ہے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے حکام نے اعتراف کیا کہ ملک بھر میں انٹرنیٹ کے معیار اور موبائل سروس کے مسائل ہیں، گزشتہ 6 ماہ میں 4 شوکاز نوٹس ٹیلی کام کمپنیوں کو جاری کیے ہیں، گزشتہ چند سال میں ٹیلی کام کمپنیوں کو 48 شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں، 22 وارننگ لیٹر جاری کیے ہیں 68.9 ملین کے جرمانے عائد کیے ہیں

بقیہ 21

مبینہ تیزاب گردی کے واقعے میں متاثر ہونے والی خاتون بی بی لائبہ زوجہ کلیم اللہ کے علاج معالجے کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کی ہدایت پر متاثرہ خاتون کو مزید اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومتی اخراجات پر آغا خان اسپتال کراچی میں علاج کرانے کے حوالے سے مراسلہ جاری کردیا گیا ہے معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے بتایا ہے کہ متاثرہ خاتون کو علاج معالجے کی بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی اور حکومت اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے گی انہوں نے کہا کہ مستونگ کے علاقے کلی ببری میں پیش آنے والے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے

بقیہ 22

سیکرٹریٹ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کیے جانے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تقریب کے دیگر شرکاء میں محکمہ آبپاشی کے افسران واہلکاروں کے علاوہ کلرک یونین کے عہدیداران و دیگر لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ انہیں وزارت کی ذمہ داری جب ملی تو انہوں نے لواحقین کوٹے کے تحت التواء کا شکار کیس پر کام شروع کروا کے اسی جگہ ایک پروقار تقریب میں 117 بیوہ، یتیم لواحقین کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے، انہوں نے کہا کہ کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس نیک کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ میر محمد صادق عمرانی نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اپنے فرائض منصبی کو ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے محکمے اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ 23

ہیں، ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور بااصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے اور ملک کے اندر اور بیرونِ ملک اسلامی تشخص، دینی اقدار اور امت مسلمہ کے حقوق کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اور آئین و پارلیمان کی بالادستی کیلئے جمیعت علماء اسلام نے روزِ اول سے تاریخی کردار ادا کیا ہے، مفتی محمود سے لے کر آج قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک جے یو آئی نے ہر دور میں جمہوری حقوق کے تحفظ کیلئے مختلف تحریکوں کی قیادت کی اور آمریت و غیر جمہوری قوتوں کے سامنے کلمہ حق بلند کیا۔ آج بھی پاکستان کا جمہوری مقدمہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں پوری قوت کے ساتھ لڑا جارہا ہے اور ملک میں جمہوری و غیر جمہوری قوتوں کے درمیان کشمکش جاری ہے

بقیہ 24

نذیر تارڑ نے ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ، مؤثر اور بروقت حل کیلئے قائم ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کا باضابطہ افتتاح کردیا۔ ٹربیونل کی افتتاحی تقریب جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں ٹربیونل کے چیئرمین جسٹس (ر) محمد طارق عباسی، ممبر ٹیکنیکل عماد میمن، ممبر فنانس محمد تنویر بٹ اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کا قیام ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ اور بروقت حل کی جانب اہم پیش رفت ہے

بقیہ 25

اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمی سپاہی نصیب اللہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے دہشت گردوں کی فائرنگ کا بہادری سے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں حملہ آور موقع سے فرار ہونے پر مجبور ہوئے۔ پولیس اہلکاروں کی قربانیاں صوبے میں امن کے قیام کیلئے ان کے عزم اور پیشہ ورانہ فرض شناسی کا مظہر ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی

بقیہ 26

، دو نابالغوں اور سابق قیدیوں سمیت 33 فلسطینیوں کو گرفتار کیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، یہ کارروائیاں نابلس، بیت لحم، ہیبرون، جینین، توباس اور تلکرم کے صوبوں میں مرکوز تھیں۔ نابلس میں 17، بیت لحم میں 7، ہیبرون میں 3، جنین میں 1، طوباس سے 2 اور تلکرم سے 3 فلسطینیوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ہونے والوں میں دو صحافیوں کی شناخت صابری موسی جبریل اور معت عمارنا کے نام سے کی ہے، دونوں بیت لحم سے ہیں۔ جنین میں اسرائیلی اسپیشل فورسز کے یونٹ نے وزارت داخلہ کے علاقے کے قریب سے ایک سابق قیدی کو گرفتار کرلیا۔ گرفتاریوں میں نابالغ اور دیگر سابق قیدی بھی شامل ہیں، جن میں ایک شخص بھی شامل ہے جسے چندروز قبل رہا کیا گیا تھا

بقیہ 27

لیگ (ن) کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز ہے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق پیپلزپارٹی حکومت کے ساتھ ایوان میں مکمل تعاون نہ کرنے کے فیصلے پر قائم ہے تاہم دونوں جماعتوں میں اعتماد سازی بحال کرنیکی کوششیں جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کو پی پی قیادت کے ساتھ رابطے بڑھانے اور معاملات حل کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے، اسپیکر قومی ایاز صادق اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اتحادیوں میں معاملات سدھارنے کیلئے کوشاں ہیں۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی کا 21 ستمبر کو متوقع اجلاس بھی اب آگے جانے کا امکان پیدا ہوگیا، پیپلزپارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان تعلقات معمول پر آنے تک قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلانے کی تجویز ہے۔

بقیہ 28

لائف کمپونٹس)، حکومت بلوچستان کے مالی سال 2019-22 کے خصوصی آڈٹ سے متعلق آڈٹ رپورٹ 2022-23 کے مختلف پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکمہ کی جانب سے منصوبے کے حوالے سے کمیٹی کو بریفنگ دی گئی، جس کے بعد آڈٹ اعتراضات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ آڈٹ پیراز پر آڈٹ رپورٹ کی تکمیل سے قبل ڈیپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی (DAC) کا اجلاس منعقد نہیں کیا گیا تھا، جس کے باعث پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے خصوصی آڈٹ کی ہدایت کی تھی۔ کمیٹی نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ خصوصی آڈٹ سے متعلق رپورٹ تاحال PAC کو موصول نہیں ہوئی۔ آڈٹ پیرا 4.1.1 کے تحت ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کی سرگرمیوں میں سست روی کا جائزہ لیا گیا۔ آڈٹ کے مطابق منصوبے کی مدت کے دوران پروجیکٹ امپلیمنٹیشن یونٹس (PIUs) میں افسران کے بار بار تبادلوں اور پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) میں ضروری اسامیوں پر بروقت تعیناتی نہ ہونے کے باعث منصوبے کی مالی وطبعی پیش رفت متاثر ہوئی۔ آڈٹ کے مطابق گزشتہ تین سال کے دوران منصوبے کی مجموعی طبعی پیش رفت صرف 12.43 فیصد جبکہ مالی پیش رفت 10 فیصد رہی۔ کمیٹی نے متعلقہ حکام سے منصوبے کی سست روی کی وجوہات اور موجودہ صورتحال کے بارے میں وضاحت طلب کی۔

بقیہ 29

کردیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے واقعہ کے بعد علاقے کو محاصرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 30

سوار متعدد مسافر زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ منتقل کردیا گیا۔ دھماکہ سے قومی شاہراہ پر پل کو نقصان پہنچنے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوگئی تاہم ٹریفک کی روانی متبادل راستے سے جاری ہے۔ پولیس مزید کارروائی کررہی ہے

بقیہ 31

ماؤتھ، برطانیہ کے درمیان ٹرانس نیشنل ایجوکیشن پارٹنرشپ کے آغاز کی تقریب سے گزشتہ شام قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی حیثیت سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی ماؤتھ کو اس اہم شراکت داری پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ محض دو تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون نہیں بلکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان علمی و تعلیمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے

بقیہ 32

شدید بارشوں کے باعث مٹی کے تودے اور لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں کم ازکم 16 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مقامی حکام نے بتایا کہ کانٹی میں کئی روز سے جاری موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں متعدد مقامات پر ارضیاتی آفات رونما ہوئیں۔ حکام کے مطابق کانٹی سے 18 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاچکا تھا۔

بقیہ 33

آفس لورالائی میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر مسعود احمد اور ڈی ایچ او آفس ڈیرہ بگٹی میں تعینات چوکیدار، مالی محمد حسن کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق برطرفی کی سزا بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے تحت دی گئی۔

بقیہ 34

صوبوں اور انتظامی یونٹس سے متعلق قومی مباحثہ سے خطاب کررہے تھے۔ مباحثے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماں، اراکین پارلیمنٹ، صحافیوں، دانشوروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی اور نئے صوبوں و انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے اسمبلیوں میں وقتاً فوقتاً قراردادیں پیش ہوتی رہی ہیں، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ اختیارات کے ساتھ چھوٹے انتظامی یونٹس قائم کیے جائیں تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں اس بات پر متفق ہیں کہ صوبہ ہزارہ قائم ہونا چاہیے

بقیہ 35

میں برسوں سے خالی پڑی آسامیوں کو میرٹ کی بنیاد پر پُر کیا گیا جس کے باعث متعلقہ شعبوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کا عمل بہتر ہوا ہے محکمہ صحت میں 296 ڈاکٹرز، فارماسسٹ اور ڈینٹل سرجنز کی تعیناتی عمل میں لائی گئی، جس سے ڈویژن کے مختلف علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کی خدمات میں بہتری آئی ہے محکمہ تعلیم میں بھی گزشتہ ایک سال کے دوران چار مراحل میں 2054 مرد وخواتین اساتذہ کو میرٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا

بقیہ 36

بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہری حدود میں قائم ڈیری فارمز سے فضلہ جات کی تلفی، صفائی و حفظانِ صحت، انسانی و حیوانی صحت، ٹریفک اور ماحولیاتی آلودگی سمیت مختلف مسائل پیدا ہورہے ہیں، جس کے پیش نظر ڈیری فارمز کو مرحلہ وار شہری حدود سے باہر منتقل کرنے کی اصولی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈیری فارمز کی منتقلی کیلئے اراضی کی دستیابی، لاجسٹکس اور متوقع اخراجات سے متعلق ابتدائی تجاویز اور تخمینے بھی پیش کیے گئے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ڈیری فارمز کی منتقلی کیلئے جامع اور قابلِ عمل نفاذی منصوبہ تیار کیا جائے، جس میں مرحلہ وار منتقلی کا شیڈول، ذمہ دار اداروں، ضروری سہولیات، لاجسٹکس اور عملدرآمد کی واضح ٹائم لائن شامل ہو۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے سے متعلق تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے

بقیہ 37

جاری کیے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ کے علاقوں علمدار روڈ اور طوغی روڈ میں ڈائریکٹر آپریشنز فخرالدین مری کی سربراہی میں کارروائی کے دوران سنگین خلاف ورزیوں پر 2 بیکریاں سیل، 2 فوڈ یونٹس جرمانہ اور 3 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ سیل کی جانے والی بیکریوں میں بیکری مصنوعات پر تیاری و میعاد ختم ہونے کی تاریخ درج نہ ہونے، کیڑوں مکوڑوں سے بچاؤ کے ناقص انتظامات، ورکرز کی جانب سے حفاظتی لباس کا استعمال نہ کرنے اور مصنوعات میں حشرات کی موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں پائی گئیں جبکہ گزشتہ جرمانوں کی عدم ادائیگی پر بھی کارروائی کی گئی۔ علاوہ ازیں ایک ریسٹورنٹ کو بی ایف اے لائسنس کے بغیر کاروبار اور خراب کوکنگ آئل کے استعمال پر جرمانہ کیا گیا جبکہ ایک بیکری کو ناقص صفائی، ڈسٹ بنز کی عدم موجودگی، PPE کے نامناسب استعمال اور بیکری مصنوعات میں حشرات پائے جانے پر جرمانہ عائد کیا گیا

بقیہ 38

کی کوشش کی ہے جس میں مذہبی اقدار، آئینی جدوجہد، جمہوری عمل اور قومی یکجہتی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ جماعت کا سیاسی سفر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ اختلافِ رائے کو تصادم کے بجائے مکالمے اور سیاسی عمل کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ملک میں امن کے قیام اور سیاسی استحکام کو ترجیح دی ہے۔ دہشت گردی اور انتہاپسندی کے باعث سب سے زیادہ متاثر ہونے والے علاقوں میں علماء، دینی شخصیات اور سیاسی کارکنوں نے بھی قربانیاں دی ہیں۔ اس کے باوجود جماعت نے اپنے سیاسی کارکنوں اور مذہبی طبقے کو قانون ہاتھ میں لینے کے بجائے آئینی اور سیاسی جدوجہد کی طرف متوجہ رکھا

بقیہ 39

کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور حکومتی نرخوں پر آٹے کی فروخت کو یقینی بنانے کیلئے قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے پر 6 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 40

مکمل کرنے والی طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ پراجیکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد حیات روجھو نے تقریب میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آواران، وڈھ، گوادر، حب اور لسبیلہ سے تعلق رکھنے والی طالبات کے چھ بیچز ڈپلومہ پروگرام سے مستفید ہوچکے ہیں اور اب تک 150 طالبات اسکلڈ میڈیکل ٹیکنیشن کی تربیت حاصل کرچکی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے کی جانب سے تھیلیسیمیا سینٹر کے قیام کے حوالے سے بھی منصوبہ بندی کی جاچکی ہے، جس کا مقصد مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور معاشرے میں صحت سے متعلق خدمات کو مزید مؤثر بنانا ہے

بقیہ 41

ضرور یہ مقررہ نرخوں پر فروخت کریں۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کی روشنی میں ناجائز منافع خوری، مصنوعی مہنگائی اور صارفین کے استحصال کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 42

کیریئر کاؤنسلنگ اور یوتھ آگاہی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب میں کہی ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج کشش چوہدری نے طلبہ طالبات کو CSS، PSC اور دیگر مسابقتی امتحانات کے طریق کار، تمام ٹیسٹ کے ٹائم پیریڈز، تیاری، تعلیمی اہلیت، امتحانی مراحل اور مستقبل میں سرکاری و انتظامی شعبوں میں مواقع کے حوالے سے اہم معلومات فراہم کیں۔ تقریب کے اختتامی مرحلے میں یونیورسٹی کے مختلف طلبہ و طالبات نے کیریئر، CSS، PSC اور مستقبل کے مواقع سے متعلق سوالات کیے، جن کے کمشنر لسبیلہ اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج نے تفصیلی اور اطمینان بخش جوابات دیے۔ سوال و جواب کا یہ سلسلہ طلبہ کیلئے خصوصی دلچسپی اور رہنمائی کا باعث بنا

بقیہ 43

لہجہ، مثبت رویہ اور ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھانا قابلِ تعریف ہے۔ سرکاری دفتر میں آنے والے شہریوں کے ساتھ احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آنا ان کی شخصیت کا نمایاں وصف ہے۔ عوامی حلقوں نے میڈم گوڈی مقدس رند صاحبہ کے حسنِ اخلاق اور بہترین طرزِ عمل کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے بااخلاق اور فرض شناس اہلکار سرکاری اداروں کے وقار میں اضافے کا باعث بنتے ہیں

بقیہ 44

معاونت سے جاری ہے، جس کا مقصد پانی اور زرعی وسائل کے مؤثر استعمال، مقامی کسانوں کی معاونت، مویشیوں کے لیے معیاری چارے کی دستیابی بہتر بنانے اور پائیدار زرعی طریقوں کو فروغ دینا ہے۔ تقریب میں لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے پی ایس او ڈاکٹر خالد خان، ایف اے او کے نمائندگان، متعلقہ اداروں کے حکام اور مقامی مستحقین نے شرکت کی۔ ایف اے او کی دعوت پر یونیورسٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد خان نے مقامی فائدہ مند افراد میں فوڈر سیڈ مکئی تقسیم کی۔ اس اقدام کا مقصد مقامی سطح پر معیاری چارے کی پیداوار میں اضافہ اور مویشی پالنے والے کسانوں کو بہتر غذائی وسائل کی فراہمی میں معاونت کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد خان نے ایف اے او اور یورپی یونین کی جانب سے بلوچستان، بالخصوص ضلع لورالائی میں زرعی اور لائیو اسٹاک شعبے کی بہتری کے لیے جاری کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت اور مویشی بانی نہ صرف لوگوں کے روزگار بلکہ دیہی معیشت کا بھی اہم حصہ ہیں، اس لیے کسانوں کو معیاری بیج، جدید زرعی طریقوں اور ضروری فنی رہنمائی کی فراہمی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوڈر سیڈ مکئی کی فراہمی ایک مثبت اور عملی قدم ہے

بقیہ 45

سخت نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنایا جائے اور ملوث ملزمان کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ اتحادی الائنس اور تنظیم نے کہا کہ کچلاک میں ایک 15 سالہ کمسن لڑکی کے اپنے شوہر کے ہاتھوں مبینہ قتل، مستونگ کے کلی ببری میں ایک خاتون پر مبینہ تیزاب گردی اور تشدد، تربت میں ایک خاتون کی لاش کی برآمدگی، جبکہ نوشکی کے احمد وال میں ایک 9 سالہ بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی، قتل اور لاش کو چھپانے جیسے خوفناک واقعات کی اطلاعات انتہائی تشویشناک اور معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔

بقیہ 46

انتہائی تشویشناک ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ایسے عناصر کی آزادانہ نقل وحرکت نہ صرف معاشرتی اقدار اور اسلامی تہذیب کے منافی ہے بلکہ اس کے نوجوان نسل پر انتہائی منفی اور خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ کی موجودگی میں اس نوعیت کی سرگرمیوں کا جاری رہنا انتظامیہ کی غفلت اور عدم توجہی کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر فحاشی اور عریانی پھیلانے والے عناصر کے خلاف عملی کارروائی کی جاتی تو انہیں سرعام اور بلاخوف ایسی سرگرمیاں جاری رکھنے کی جرأت نہ ہوتی۔ انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی نے ایسے عناصر کو مزید حوصلہ دیا ہے جس کے نتیجے میں شہر کا معاشرتی ماحول متاثر اور نوجوان نسل اخلاقی زوال کی جانب دھکیلی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اپنی ذمہ داری سے چشم پوشی ترک کرتے ہوئے فوری طور پر ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کرے۔ عوام اپنے شہر میں امن، پاکیزہ ماحول اور باوقار معاشرتی زندگی چاہتے ہیں، نہ کہ ایسی سرگرمیاں جو نئی نسل کے اخلاق و کردار کو متاثر کرنے کا باعث بنیں۔

بقیہ 47

طلباء میں کاپیاں، پین، پنسل اور دیگر ضروری اسٹیشنری بھی تقسیم کی گئی۔ ہیڈ ماسٹر نصر اللہ خارانی نے کہا کہ مستحق طلباء کی حوصلہ افزائی اور انہیں تعلیمی سہولیات کی فراہمی تعلیم کے فروغ کے لیے اہم اقدام ہے۔ طلباء اور والدین نے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے ہیڈ ماسٹر اور اسکول اسٹاف کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 48

فوکل پرسن، یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے فیکلٹی ممبران، انتظامی افسران وملازمین، طلبہ وطالبات اور مقامی کمیونٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران وزیراعظم نیشنل ٹیکنالوجی پارک کے قیام کے اغراض ومقاصد، اس کی افادیت اور خطے کے نوجوانوں کے لیے اس سے پیدا ہونے والے مواقع پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ مقررین نے کہا کہ موجودہ دور ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹلائزیشن اور جدید پیشہ ورانہ مہارتوں کا دور ہے۔ دنیا تیزی سے جدید ٹیکنالوجی کی طرف بڑھ رہی ہے اور ان حالات میں نوجوان نسل کو جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم نیشنل ٹیکنالوجی پارک کا قیام اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جو یونیورسٹی آف لورالائی کے طلبہ و طالبات اور بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے نیشنل ٹیکنالوجی پارک کے قیام کو یونیورسٹی آف لورالائی کے لیے ایک تاریخی اور اہم سنگِ میل قرار دیا۔

بقیہ 49

وفود کو مکمل طور پر یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ان کی سیاست کا مقصد عوام کی بلاتفریق خدمت کرنا ہے اور لوگوں کے جائز مسائل کو حل کرنے میں ہر وقت اپنا کردار ادا کریں گے۔ ملاقات کرنے والے وفود میں دالبندین سے عبدالرزاق نوتیزئی، ماسٹر یاسین محمد حسنی، چھتر سے حبیب اللہ محمد حسنی، نوشکی سے تاج محمد بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وفود نے مسائل کو غور سے سننے اور ان کے حل میں دلچسپی لینے پر مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر و عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 50

میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ، ڈی ایس پی سوراب بلاول محمد حسنی، ضلعی افسران، اساتذہ، طالبات اور 200 سے زائد خواتین نے شرکت کی خواتین نے بجلی، گیس، BISP، بینظیر انکم نشونما پروگرام، فیملی پارک، پبلک لائبریری، شاپنگ سینٹر، تعلیم، صحت، نادرا اور صاف پانی سمیت مختلف مسائل پیش کیے، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی اور مسائل کے حل کیلئے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پر کرنل سید فخر رفیق طلحہ نے مختصر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کے حل کیلئے جلد از جلد متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کارروائی کی جائے گی

بقیہ 51

ہے کہ شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کے بعد سی ٹی وی فوٹیج سمیت تمام شواہد خاتون کے شوہر اور رشتہ داروں کو دکھادیے گئے ہیں۔

بقیہ 52

وچیئرمین سلیکشن کمیٹی وریندر لعل ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور دیگر متعلقہ پینل ممبران شامل تھے اس موقع پر محکمہ صحت کی مختلف آسامیوں بالخصوص BPS-01 تا 15-BPS کی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کرانے والے امیدواروں کے انٹرویوز مقررہ طریقہ کار اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق لیے گئے انٹرویو کے دوران امیدواروں کی تعلیمی قابلیت متعلقہ تجربے اہلیت اور دیگر مقررہ معیار کا جائزہ لیا گیا جبکہ ہر امیدوار کو اپنی صلاحیتوں اور قابلیت پیش کرنے کا مساوی موقع فراہم کیا گیا۔ انٹرویو پینل نے امیدواروں کے کوائف اور متعلقہ دستاویزات کا بھی جائزہ لیا تاکہ بھرتی کا عمل میرٹ اور قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جاسکے

بقیہ 53

سمیت مختلف عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ژوب، پولیس انتظامیہ ڈی ایس پی، آل پارٹیز نمائندگان، علماء کرام، شاپنگ سینٹر یونین، انجمن تاجران، ٹرانسپورٹ یونین اور قبائلی وعلاقائی مشران نے شرکت کی اور مختلف تجاویز پیش کیں۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ معاشرے سے سود، بے حیائی، منشیات، مختلف پلازوں اور چوباروں، میں مرغی چوک میں بچوں کی غلط سرگرمیاں دیگر منفی و غیر اخلاقی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے انتظامیہ، پولیس، علماء، تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز، سیاسی وسماجی نمائندگان اور والدین کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ اجلاس میں علماء کرام سے اپیل کی گئی کہ وہ جمعہ کے خطبات میں سودی کاروبار، اخلاقی اقدار، معاشرتی ذمہ داری اور نوجوان نسل کو منفی سرگرمیوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے مؤثر آگاہی دیں، جبکہ ٹرانسپورٹ یونین اور انجمن تاجران اپنے اپنے حلقوں میں تاجروں و ٹرانسپورٹرز کو قوانین کی پابندی اور مثبت معاشرتی کردار ادا کرنے کی ترغیب دیں۔

بقیہ 54

او پی ڈی کا بائیکاٹ کر کے احتجاج کیا۔ احتجاج میں ایم ایس ڈاکٹر غضنفر کھوکھر، ایڈمن آفیسر نعمت میرانی، متاثرہ ڈاکٹر اختر داہو، ڈاکٹر ایاز شیخ، ڈاکٹر ثناء اللہ کلہوڑو، ڈاکٹر مکیش، امین انڑ اور دیگر نے شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ اسپتال میں مریضوں کی سہولت کے لیے موجود عملے کے ساتھ تشدد برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری قانونی کارروائی کر کے انہیں گرفتار کیا جائے تاکہ اسپتال میں امن وامان بحال ہوسکے۔

بقیہ 55

تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب یونیورسٹی کے ملٹی پرپز ہال میں منعقد ہوئی، جس میں یونیورسٹی کے اساتذہ، طلبہ اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی اور وائس چانسلر کو اس قومی اعزاز پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی علمی، تحقیقی، انتظامی اور قائدانہ خدمات کو سراہا۔ تقریب کے دوران یونیورسٹی کیمپس میں خوشی اور فخر کا ماحول دیکھنے میں آیا۔ شرکاء نے ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کے لیے تمغہ امتیاز کے حصول کو ان کی ذاتی کامیابی کے ساتھ ساتھ لورالائی یونیورسٹی، اس کے اساتذہ، طلبہ، سابق طلبہ اور پورے بلوچستان کے لیے بھی ایک اہم اعزاز قرار دیا۔ یونیورسٹی کمیونٹی کی جانب سے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کے اعزاز میں خصوصی استقبالیہ کا اہتمام کیا گیا، جہاں ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں روایتی اقدار اور ثقافتی روایات کو بھی اجاگر کیا گیا اور وائس چانسلر کو روایتی پگڑی پہنائی گئی، جو عزت، وقار، قیادت اور احترام کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ اس موقع پر اساتذہ اور طلبہ نے اپنے قائد کے لیے محبت، عقیدت اور احترام کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران کیک بھی کاٹا گیا جبکہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلبہ کی جانب سے وائس چانسلر کو تحائف اور یادگاری طور پر مختلف اشیاء پیش کی گئیں۔ اس موقع پر شرکاء نے ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو قومی سطح پر حاصل ہونے والے اس اعزاز پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تمغہ امتیاز ان کی طویل علمی و پیشہ ورانہ خدمات، قائدانہ صلاحیتوں اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے مسلسل جدوجہد کا اعتراف ہے۔

بقیہ 56

بندی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تعین کرنا تھا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ ضلع کی زمینی صورتحال اور مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع اور قابلِ عمل منصوبہ تیار کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے کہا کہ منصوبہ بندی کے پہلے مرحلے میں ضلع کے موجودہ صفائی نظام کی مکمل میپنگ کی جائے

بقیہ 57

برڑو، فضل الرحمٰن برڑو، حافظ اسداللہ بنگلانی، مزمل سومرو کی قیادت میں جے یو آئی کے دفتر جیکب آباد سے نکالا گیا۔ مظاہرہ میں بڑی تعداد میں طلبہ اور کارکنان نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر میرٹ کی بحالی، حق داروں کو حق دینے اور ناانصافی کے خاتمے کے مطالبات درج تھے۔ جنہوں نے شہر کے مختلف راستوں سے ہوتے ہوئے پریس کلب پہنچے، جہاں شرکاء نے دھرنا دیا اور میرٹ کی پامالی کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کا قتل نوجوان نسل کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ جب تعلیم یافتہ اور اہل نوجوانوں کو ان کی قابلیت کے مطابق مواقع نہیں ملیں گے تو نوجوانوں میں مایوسی، بے چینی اور بددلی پیدا ہونا فطری امر ہے

بقیہ 58

ذرائع کے مطابق نذر محمد عدوزئی کی تشویشناک حالت کے باعث انہیں مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد متعلقہ اداروں نے تحقیقات شروع کردی ہیں، جبکہ فائرنگ کی وجوہات اور ملزمان سے متعلق مزید معلومات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 59

کے مترادف ہے۔ حکومت عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ روکے اور فوری ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے صرف ٹرانسپورٹ کے اخراجات نہیں بڑھتے بلکہ اشیائے خورونوش، سبزی، پھل، زرعی اجناس اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء بھی مہنگی ہوجاتی ہیں۔ بلوچستان جیسے وسیع و پسماندہ صوبے میں اس کے اثرات مزید شدید ہوتے ہیں، جہاں دور دراز علاقوں تک اشیائے ضروریہ کی ترسیل کے اخراجات پہلے ہی زیادہ ہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ حکومت کو عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے غیر ضروری اخراجات میں کمی، ٹیکس نظام میں اصلاحات اور معیشت کے پیداواری شعبوں کو مضبوط بنانے پر توجہ دینی چاہیے۔ ہر چند روز بعد پٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی کا بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافوں پر نظرثانی کر کے عوام کو حقیقی ریلیف دیا جائے اور قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے مؤثر اور مستقل پالیسی اختیار کی جائے۔

بقیہ 60

اس کے ساتھ ساتھ کمپیوٹنگ میں 14 سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل امیدواروں کو بی ایس کمپیوٹر سائنس پروگرام کے پانچویں سمسٹر میں براہ راست داخلے کی سہولت دینے کی بھی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن جانب سے جاری کردہ فریم ورک کے مطابق بی ایس کمپیوٹر سائنس کے پروگرام لرننگ آؤٹ کمز اور کورس لرننگ آؤٹ کمز کے علاوہ نصاب کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ترجمان جامعہ تربت کے مطابق، وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن نے اس موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یونیورسٹی کو روایتی تعلیمی نظام سے نکال کر قومی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید خطوط پر استوار کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے، تاکہ یہاں سے فارغ التحصیل طلبہ قومی و عالمی جاب مارکیٹ کے چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کرسکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جامعہ تربت اپنے اسٹریٹجک پلان 2030 پر عملدرآمد کرتے ہوئے اس خطے میں ہائی ٹیک تعلیم اور ڈیجیٹل انقلاب کا سب سے بڑا مرکز بننے کی طرف گامزن ہے۔ وائس چانسلر نے واضح کیا کہ عصرِ حاضر کے تقاضوں پر مبنی نئے متعارف کرائے گئے ان پروگرامز کا بنیادی مقصد طلبہ کو کامیاب کیریئر کی ضمانت فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں سبجیکٹ ایکسپرٹس کے طور پر جامعہ بلوچستان سے پروفیسر ڈاکٹر وحید نور اور سکھر آئی بی اے یونیورسٹی سے ڈاکٹر زکریا کے علاوہ ایپلیک میڈیا پشاور سے انڈسٹری ایکسپرٹ عثمان خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اس کے علاوہ جامعہ تربت سے کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد اور فیکلٹی ممبر بالاچ خان کے علاوہ عطاء شاد ڈگری کالج تربت سے محمد یوسف مجاہد اور گرلز ڈگری کالج تربت سے گوہر عزیز بھی اجلاس میں شریک تھے۔

بقیہ 61

مقررہ وقت سے قبل مکمل کیے جائیں اور 21 ستمبر سے شروع ہونے والی مہم کے دوران ضلع چمن میں کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری، باہمی تعاون اور مانیٹرنگ کا نظام مزید بہتر بنانے پر زور دیا اور ہدایت کی کہ مہم کے دوران ٹیموں کی کارکردگی کو مؤثر انداز میں مانیٹر کیا جائے۔

بقیہ 62

شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے پریس کلب کے سامنے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سال سے دوداپور فیڈر کے 200 سے زائد دیہات بجلی سے محروم ہیں، جبکہ دیہات کی طرف جانے والی بجلی لائنز کی تمام تاریں چور چرا کرلے گئے ہیں لیکن واپڈا انتظامیہ کو بار بار شکایات کرنے کے باوجود کوئی تدارک نہیں کیا جا رہا۔ رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ واپڈا عملہ رات کے وقت جان بوجھ کر بجلی بند کرتا ہے اور چوروں کے ساتھ ملی بھگت کر کے کھمبوں سے تاریں چوری کرواتا ہے، جس کی وجہ سے علاقے میں اندھیرا چھایا ہوا ہے اور عوام سخت عذاب میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور دوداپور فیڈر کے تمام دیہات کی بجلی بحال کر کے چوروں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ رہنماؤں نے وارننگ دی کہ اگر مسئلہ حل نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری واپڈا انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 63

کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے شہر بھر میں شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ اس اہم فیصلے کا مقصد نوجوان نسل کو منفی ومضرِ صحت سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا اور علاقے میں امن و امان کی فضا کو بحال رکھنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام ہوٹل، ریسٹورنٹ اور کیفے مالکان کو سخت تنبیہ جاری کی گئی ہے کہ وہ شیشہ کیفے کا سلسلہ فوراً بند کر دیں۔ انتظامیہ کے مطابق حکم نامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ خلاف ورزی کی صورت میں نہ صرف متعلقہ ہوٹل یا کیفے کو موقع پر ہی سیل کر دیا جائے گا، بلکہ ان کے مالکان کے خلاف قانونی مقدمات بھی درج کیے جائیں گے

بقیہ 64

انتظامی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ محکمہ اپنے ہی ڈاکٹرز کی پوسٹنگ، تعیناتی اور حاضری سے متعلق بنیادی ریکارڈ درست رکھنے میں ناکام رہا ہے، لیکن اپنی اس نااہلی اور ناقص نظام کا ملبہ ان ڈاکٹرز پر ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے جو روزِ اول سے اپنے باقاعدہ Place of Posting پر موجود رہ کر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری ایمانداری سے انجام دے رہے ہیں۔ اگر کسی ڈاکٹر کو باقاعدہ طور پر ایک مقام پر تعینات کیا گیا ہو، ڈاکٹر مسلسل اسی مقام پر اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہو، اور بعدازاں محکمہ کے ناقص ریکارڈ، انتظامی تضاد یا ڈیٹا کی غلطی کی بنیاد پر اسے کسی دوسرے دفتر سے غیر حاضر قرار دے کر ملازمت سے برطرف کر دیا جائے، تو یہ ڈاکٹر کی غفلت نہیں بلکہ محکمہ صحت کے انتظامی نظام کی سنگین ناکامی اور نااہلی ہے۔ محکمہ صحت کو یہ جواب دینا ہوگا کہ اگر اس کے پاس اپنے ہی ملازمین کی درست پوسٹنگ اور تعیناتی کا ریکارڈ موجود نہیں تو اس انتظامی غفلت کی سزا ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز کو کیوں دی جا رہی ہے؟ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان واضح اور دوٹوک الفاظ میں اعلان کرتی ہے کہ ڈاکٹروں کے ساتھ اس قسم کی ناانصافی، انتقامی کارروائی یا انتظامی بے ضابطگی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ محکمہ صحت اپنی ریکارڈ کی غلطیوں کو چھپانے کے لیے ڈاکٹرز کے مستقبل اور روزگار سے کھیلنے سے باز رہے۔ یہ بھی واضح کیا جاتا ہے کہ محکمہ صحت میں موجود چند عناصر حکومت کے ساتھ ہونے والی حالیہ مذاکرات کو ناکام کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ آپنی نااہلی کو چھپانے کیلئے ڈاکٹروں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سہارا لے رہے ہیں۔ اس طرح کے اقدامات کو کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کسی بھی فرد یا ادارے کو ڈاکٹروں کے خلاف غیر منصفانہ، امتیازی یا منظم کارروائیوں کو پروان چڑھانے کی اجازت نہیں دے گی۔ ڈاکٹروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور ہر غیر قانونی و غیر منصفانہ اقدام کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اپنے تمام ڈاکٹرز کے بنیادی، پیشہ ورانہ اور قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر بھرپور جدوجہد جاری رکھے گی۔ ہم واضح کرتے ہیں کہ ایک ایک ڈاکٹر کے حق کے حصول تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ ڈاکٹروں کے ساتھ ہونے والی کسی بھی ناانصافی پر خاموش نہیں بیٹھیں گے اور ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کا حق محفوظ رکھتے ہیں

بقیہ 65

محمد صدیق مدنی کو بتایا کہ خصوصی کمیٹیاں ہفتے میں چار دن چمن میں کام کریں گی جبکہ کمیٹیوں سے رجوع کرنے کے لیے کل سے ٹوکن کا سلسلہ شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلاک شدہ شناختی کارڈز کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے یہ ایک اہم پیش رفت ہے اور عوام اس سلسلے میں مقررہ طریقہ کار کے مطابق کمیٹیوں سے رجوع کرنا چاہیے۔ اہلیان چمن نے بلاک شدہ شناختی کارڈز کے مسئلے کے حل کے لیے خصوصی کمیٹیوں کے قیام اور چمن آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ضلعی چیئرمین حاجی امان اللہ اچکزئی کی عوامی خدمت اور خصوصی کوششوں کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 66

، ایڈمنسٹریٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سمیع اللہ بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمار بلوچ، اور اسسٹنٹ کمشنر کچلاک کبیر مزاری نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کے مختلف عوامی مقامات، بالخصوص بازاروں، ہوٹلز، تجارتی مراکز، اہم شاہراہوں اور دیگر مصروف مقامات پر گداگروں کی بڑھتی ہوئی موجودگی اور اس کے باعث شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور محکمہ سوشل ویلفیئر مشترکہ طور پر گداگری کے خلاف جامع کریک ڈاؤن کا آغاز کریں گے، جو مسلسل جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام اہم عوامی مقامات کی نشاندہی کی جائے کہ وہاں مربوط اور مؤثر کارروائیاں کی جائیں۔

بقیہ 67

کمیٹی کے لئے نقد انعام دینے کا اعلان کردیا سماجی وقبائلی رہنماء سید لعل محمد شاہ مشوانی، محمد وارث بلوچ، سردار محمد ابراہیم رخشانی، ڈاکٹر شاہ سلیم برہان زئی، عبدالمجید جمالدینی کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے صدر ڈی ایف اے چاغی حاجی عبدالرؤف نوتیزئی، سیکرٹری حاجی عبدالباری بلوچ، سیکرٹری ٹورنامنٹ ماما گلبدین سالانی، صدر کوچ غلام قادر، کوچ محمد احمد سمیت دیگر بھی موجود تھے پہلا کوارٹر فائنل میچ شہید الحاج عید محمد نوتیزئی فٹبال کلب دالبندین اور شہید بالاچ مری کلب دالبندین کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کیا مگر دوران میچ کوئی بھی کھلاڑی بال کو گول نہ کرسکا اس طرح میچ بغیر کسی گول کے برابر رہا اور ٹورنامنٹ کمیٹی کی جانب سے دونوں ٹیموں کے درمیان آج ری میچ کھیلا جائے گا

بقیہ 68

مسعود احمد، حاجی محمد قاسم محمد حسنی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ علماء کرام اور دینی مدارس ملک کی نظریاتی وفکری اساس کے محافظ اور معاشرے کی دینی واخلاقی تربیت کے مراکز ہیں۔ برصغیر کی تاریخ گواہ ہے کہ علماء کرام اور مدارس نے اسلامی تعلیمات دینی شعائر اور اسلامی تشخص کے تحفظ کے لیے ہمیشہ بنیادی اور ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس محض درس وتدریس کے مراکز نہیں بلکہ قرآن وسنت کی تعلیم کردار سازی اور معاشرے میں دینی شعور کے فروغ کے اہم مراکز ہیں۔ ان اداروں سے وابستہ علماء کرام نے ہر دور میں دین ملک اور ملت کی خدمت کو اپنا فریضہ سمجھ کر انجام دیا ہے چند دین بیزار عناصر کی جانب سے علماء اور مدارس کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا طعن وتشنیع اور منفی مہمات ان کے تاریخی کردار کو کسی صورت متاثر نہیں کرسکتیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان کی نظریاتی بنیاد اسلام ہے اور اس اسلامی تشخص کو کمزور کرنے کی ہر کوشش دراصل ملک کی فکری وتہذیبی بنیادوں کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ مغربی تہذیب کی اندھی تقلید اور معاشرتی اقدار سے بے راہ روی کو ترقی کا معیار سمجھنے والوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنی ہوگی کہ پاکستان کے عوام اپنی دینی تہذیبی اور اسلامی اقدار سے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔

بقیہ 69

عبدالفتاح عباسی نے اپنے خطاب میں کہا کہ استاد ایک عظیم ہستی ہے۔ ایک استاد کی محنت، جستجو اور کوششوں سے سینکڑوں ہزاروں طلبہ و طالبات پڑھتے ہیں اور کامیاب ہوتے ہیں اور جج، وکیل، وزیر، مشیر، ڈاکٹر، انجینئر، پروفیسر اور دیگر عہدوں تک پہنچتے ہیں۔ ماں باپ کی عظمت کی طرح استاد کی عظمت سب سے زیادہ ہے۔ سندھ کے پرائمری اساتذہ اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کر کے اپنے حقوق حاصل کرنے کے لیے تیار رہیں۔ آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن پی ٹی الف کے مرکزی صدر حاجی شفیع محمد سٹھیو کی قیادت میں سندھ کے پرائمری اساتذہ کے سروس سٹرکچر اور مجموعی مسائل کے حل کے لیے شروع کی جانے والی احتجاجی تحریک کی بھرپور تیاریاں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عظیم ہستیاں محترم سائیں لیاقت علی کلہوڑو اور محترم سائیں جان محمد خاصخیلی کو مبارک ہو، جو اپنی زندگی میں ریٹائرمنٹ لے کر اپنی زندگی میں اپنا پیسہ اپنے بچوں کی شادی، تعلیم اور دیگر کاموں میں استعمال کریں گے۔ یاد رہے کہ ایک استاد عمر بھر استاد رہتا ہے اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی وہ اپنی قوم کے مستقبل کے معماروں کے لیے ایک امید اور سہارا بنا رہتا ہے۔ پی ٹی الف تعلقہ لاڑکانہ کے صدر علی شیر جتوئی نے کہا کہ اساتذہ ایک بہت بڑی قوت اور طاقت ہیں

بقیہ 70

صدارت ٹراما سینٹر نصیرآباد میں منعقد ہوئے انٹرویوز کیلئے تشکیل دیے گئے پینل میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و چیئرمین سلیکشن کمیٹی وریندر لعل ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور دیگر متعلقہ پینل ممبران شامل تھے اس موقع پر محکمہ صحت کی مختلف آسامیوں بالخصوص BPS-01 تا BPS-04 کی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کرانے والے امیدواروں کے انٹرویوز مقررہ طریقہ کار اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق لیے گئے انٹرویو کے دوران امیدواروں کی تعلیمی قابلیت متعلقہ تجربے اہلیت اور دیگر مقررہ معیار کا جائزہ لیا گیا جبکہ ہر امیدوار کو اپنی صلاحیتوں اور قابلیت پیش کرنے کا مساوی موقع فراہم کیا گیا۔ انٹرویو پینل نے امیدواروں کے کوائف اور متعلقہ دستاویزات کا بھی جائزہ لیا تاکہ بھرتی کا عمل میرٹ اور قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جاسکے

بقیہ 71

بورڈ آف ریونیو بلوچستان کی ٹیم نے متعلقہ افسران اور برانچ سربراہان کو جائزے کے عمل، مطلوبہ ریکارڈ اور ضروری معلومات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر مختلف برانچز کے سربراہان نے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق امور اور ریکارڈ کی صورتحال سے ٹیم کو آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران اس امر پر خصوصی زور دیا گیا کہ بورڈ آف ریونیو کی ٹیم کو مطلوبہ سرکاری ریکارڈ اور معلومات بروقت فراہم کی جائیں تاکہ ریکارڈ کے جائزے کا عمل مؤثر، شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ تمام متعلقہ برانچ سربراہان کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے متعلقہ ریکارڈ کی دستیابی یقینی بنائیں اور ریکارڈ کو مکمل، مرتب اور قابلِ رسائی حالت میں رکھیں۔ اس موقع پر افسران کو ہدایت کی گئی کہ بورڈ آف ریونیو بلوچستان کی ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے اور جائزے کے دوران طلب کیے جانے والے ریکارڈ، دستاویزات اور معلومات کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر سے گریز کیا جائے۔ متعلقہ افسران اور اہلکاروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کرنے کی تاکید بھی کی گئی۔

بقیہ 72

، ڈاکٹر ایاز شیخ، ڈاکٹر ثناء اللہ کلہوڑو، ڈاکٹر مکیش، امین انڑ اور دیگر نے شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ اسپتال میں مریضوں کی سہولت کے لیے موجود عملے کے ساتھ تشدد برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری قانونی کارروائی کر کے انہیں گرفتار کیا جائے تاکہ اسپتال میں امن وامان بحال ہوسکے۔

بقیہ 73

عوام کو متبادل ذرائع آمد ورفت پر زیادہ کرایہ ادا کرنا پڑ رہے ہیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ اگر ٹرین کی بندش کی بنیادی وجہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ تھی تو اب ایندھن کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ٹرین کی بحالی میں تاخیر سمجھ سے بالاتر ہے۔ شہریوں نے پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے چمن پسنجر ٹرین کو بلاتاخیر بحال کیا جائے، بصورتِ دیگر عوام اپنے مطالبے کے حق میں احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 74

اثر روزمرہ استعمال کی اشیاء، ٹرانسپورٹ، زراعت اور کاروباری سرگرمیوں پر پڑتا ہے، جس کے نتیجے میں عام شہری کی قوت خرید مسلسل کم ہوتی جارہی ہے، انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ غریب عوام پہلے ہی آسمان کو چھوتی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے حالات میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ عوام پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے، پٹرول کی قیمت بڑھتے ہی ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ شروع ہوجاتا ہے، جس کا سب سے زیادہ نقصان کم آمدنی والے طبقے کو اٹھانا پڑتا ہے۔ جے یو آئی رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ایسے فیصلے کر رہی ہے جن سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر نظرثانی کرے اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات اٹھائے

بقیہ 75

پیشہ ورانہ حقوق، لوکل پرنٹ میڈیا کی بقاء تحفظ اور صوبے میں صحافت کو درپیش مختلف چیلنجز پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔ جبکہ صحافی برادری کے حقوق کے تحفظ اور مقامی اخبارات ومیڈیا اداروں کی بقاء کیلئے آئندہ جدوجہد کی سمت اور جامع لائحہ عمل کا تعین بھی کیا جائے گا۔ قیوم بلوچ اور اللہ داد رند نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کا قیام کسی فرد، گروہ یا تنظیم کے خلاف نہیں بلکہ بلوچستان کے صحافیوں، میڈیا ورکرز اور لوکل پرنٹ میڈیا کے مشترکہ مسائل کے حل، ان کے جائز حقوق کے تحفظ اور صحافتی برادری کے درمیان اتحاد ویکجہتی کے فروغ کیلئے عمل میں لایا گیا ہے۔ بلوچستان کا صحافی انتہائی مشکل حالات میں اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے، تاہم اس کے باوجود صحافیوں کو معاشی، پیشہ ورانہ اور دیگر متعدد مسائل کا سامنا ہے، جن کے مستقل اور مؤثر حل کیلئے اجتماعی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا لوکل پرنٹ میڈیا صوبے کی آواز ہے، جس نے ہر دور میں عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور دور دراز علاقوں کی خبریں حکام اور متعلقہ اداروں تک پہنچانے میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ صحافی و کارکن آج شدید مشکلات سے دوچار ہیں، اس لیے لوکل پرنٹ میڈیا کی بقاء، استحکام اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ایک واضح، منظم اور مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم اپنے قیام کے بنیادی مقاصد کے مطابق صحافیوں اور لوکل میڈیا کے مسائل کو ہر مناسب فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کرے گا۔

Corruption Free Pakistan

ڈائریکٹر نیب بلوچستان محمد سلیم احمد ہیڈ مسٹریس حنا اور ڈپٹی ڈائریکٹر نیب فرحان یوسف سٹی سکول کوئٹہ میں طلباء کو بدعنوانی کے خلاف آگاہی و تدارک پر لیکچر دے رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام ملک میں امن کے قیام اور سیاسی استحکام کیلئے کوشاں رہا ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی

قومی مسائل کو مذاکرات، سیاسی مفاہمت اور عوامی اعتماد کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ جمعیت

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصرالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام امن، برداشت اور سیاسی مفاہمت کی داعی جماعت ہے اور جمعیت علماء اسلام نے پاکستان کی سیاسی زندگی میں ایک ایسے سیاسی مؤقف کو فروغ دینے (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، امیر حمزہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اور ان کی ٹیم نے سٹی سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کے خلاف پرائس کنٹرول کارروائی کی۔ کارروائی (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد صحت، تعلیم اور محکمہ ریونیو کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر تقرریاں

مشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں قائم ڈویژنل کمیٹی کے ذریعے مختلف محکموں میں برسوں سے خالی پڑی آسامیوں کو میرٹ کی بنیاد پر پُر کیا گیا

ان تقرریوں میں ایسے امیدوار بھی شامل ہیں جو طویل عرصے سے میرٹ پر اپنی تقرری کے منتظر تھے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی کی عوام دوست پالیسیوں اور میرٹ پر مبنی اقدامات کے نتیجے میں گزشتہ ایک سال کے دوران نصیرآباد ڈویژن میں صحت، تعلیم اور محکمہ ریونیو کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں قائم ڈویژنل کمیٹی کے ذریعے مختلف محکموں (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

میر عرض محمد بڑیچ سے مختلف وفود اور تیل کمیٹی انٹری لسٹ مالکان کی ملاقات

وفود نے حاجی میر عرض محمد بڑیچ کو مختلف عوامی و علاقائی مسائل سے متعلق تفصیلی طور پر آگاہ کر دیا

امین آباد (نامہ نگار علی احمد) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر و عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے نوشکی، چاغی، دالبندین، نوکنڈی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود اور تیل کمیٹی انٹری لسٹ مالکان کی ملاقات۔ وفود نے حاجی میر عرض محمد بڑیچ کو مختلف عوامی و علاقائی مسائل سے متعلق تفصیلی طور پر آگاہ کر دیا۔ حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

میر عرض محمد بڑیچ سے مختلف وفود اور تیل کمیٹی انٹری لسٹ مالکان ملاقات کر رہے ہیں

سوراب کی تاریخ میں پہلی بار گرینڈ خواتین کھلی کچہری کا انعقاد

سوراب (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور BSDI کے تحت ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول ہال میں سوراب کی تاریخ میں پہلی بار گرینڈ خواتین کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر رکنی کا ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ

رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا دورہ کیا۔ دورانِ کارروائی قصائی کی فریج سے 8 کلو مضر صحت گوشت برآمد ہوا، جسے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی تلف کر دیا، جبکہ متعلقہ دکاندار پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا

نصیرآباد کی مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز

نصیرآباد (خ ن) محکمہ صحت ضلع نصیرآباد کی مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز آج ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و چیئرمین سلیکشن کمیٹی وریندر لعل کی زیر صدارت ٹراما سینٹر نصیرآباد میں منعقد ہوئے انٹرویوز کیلئے تشکیل دیے گئے پینل میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سول سنڈیمن ہسپتال میں مبینہ جڑواں بچوں کی مبینہ پیدائش اور بچہ چوری کا الزام ثابت نہ ہوسکا

الٹراساؤنڈ رپورٹ میں جڑواں بچوں کا ذکر انسانی غلطی تھا، جبکہ دوسرے بچے کی پیدائش یا کسی کوتاہی کا کوئی ثبوت نہیں ملا، کمیٹی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے سول سنڈیمن ہسپتال میں مبینہ جڑواں بچوں کی مبینہ پیدائش اور بچہ چوری کا الزام ثابت نہ ہوسکا۔ معاملے پر قائم انکوائری کمیٹی نے رپورٹ جاری کر دی، جس میں صرف ایک بچے کی پیدائش کی تصدیق ہوئی ہے۔ ایم ایس سول ہسپتال کے قائم کردہ انکوائری کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق الٹراساؤنڈ رپورٹ میں جڑواں بچوں کا ذکر انسانی غلطی تھا، جبکہ دوسرے بچے کی پیدائش یا کسی کوتاہی کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ ایم ایس ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ کا کہنا (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عارف زرکون کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

بعض کم عمر بچے اور نوجوان مختلف غیرضروری اور منفی سرگرمیوں میں ملوث ہو رہے ہیں

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عارف زرکون کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ژوب نے ایجنڈا پیش کرتے ہوئے سودی کاروبار کے خاتمے اور مؤثر سدباب، شہر کی بائی پاس روڈ، صفائی و ستھرائی، ٹریفک و شہری نظم و نسق، تعلیمی اداروں اور دیگر اہم مقامات کی سکیورٹی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

اسپتال میں مریضوں کی سہولت کیلئے موجود عملے کے ساتھ تشدد برداشت نہیں کیا جائیگا، غضنفر کھوکھر

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) نوڈیرو گورنمنٹ اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں مریض کے ساتھ آئے ہوئے ایک شخص کی جانب سے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر اختر دایو پر مبینہ حملہ کر کے تشدد اور گالم گلوچ کرنے کے واقعے کے خلاف ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

وائس چانسلر لورالائی یونیورسٹی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو تمغہ امتیاز ملنے پر پروقار تقریب

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) لورالائی یونیورسٹی میں وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو ملک کے اعلیٰ اور باوقار قومی اعزاز تمغہ امتیاز سے نوازے جانے کی خوشی میں ایک پروقار اور خصوصی (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی ضلع جعفرآباد

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی میں کلسٹر 2026 کے سلسلے میں ہیڈ ماسٹر نصراللہ خارانی اور اسکول اسٹاف کی جانب سے یتیم اور مستحق طلباء میں یونیفارم تقسیم کیے جا رہے ہیں

ملک میں مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا، صوفی خاوند بخش چنہ

گنداخہ: (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام ضلع اُستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور دیگر اراکین مجلسِ عاملہ نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا، جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافہ کر کے حکومت نے عوام بالخصوص غریب، مزدور اور دیہاڑی دار طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہِ راست (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

13 ستمبر صحافت کی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز کرے گا۔ بی ایم ایف

صحافیوں کے حقوق اور لوکل پرنٹ میڈیا کی بقاء و تحفظ کیلئے آئندہ جدوجہد کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ صدر قیوم بلوچ

قیوم بلوچ
مرکزی صدر بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ اور مرکزی سیکرٹری جنرل اللہ داد رند نے کہا ہے کہ 13 ستمبر کا دن بلوچستان کی صحافتی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہوگا۔ کوئٹہ میں 13 ستمبر کو منعقد ہونے والے بلوچستان میڈیا فورم کے پہلے مرکزی سیشن میں بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مسائل، ان کے بنیادی و (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

ایندھن سستا ہونے کے باوجود ٹرین بحال نہ ہوسکی

شہریوں کا پاکستان ریلوے سے فوری اقدام کا مطالبہ



چمن (محمد صدیق مدنی) چمن سے کوئٹہ کے درمیان چلنے والی چمن پسنجر ٹرین کی طویل بندش کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ٹرین کی بندش سے غریب عوام، مزدوروں، طلبہ اور مریضوں سمیت روزانہ سفر کرنے والے شہری مہنگے کرایوں اور طویل سفر کی مشکلات سے دوچار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چمن پسنجر ٹرین محض سفری سہولت نہیں بلکہ علاقے کے عام اور کم آمدنی والے افراد کے لیے سستے اور محفوظ سفر کا اہم ذریعہ تھی۔ ٹرین کی بندش کے باعث (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

کسی بھی امیدوار کے ساتھ ناانصافی یا امتیازی سلوک نہیں ہونے دیا جائے گا، وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) محکمہ صحت ضلع نصیرآباد کی مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز آج ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و چیئرمین سلیکشن کمیٹی وریندر لعل کی زیر (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

نوڈیرو، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کا او پی ڈی کا بائیکاٹ، احتجاج

اسپتال میں مریضوں کی سہولت کے لیے موجود عملے کے ساتھ تشدد برداشت نہیں کیا جائے گا

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) وڈیرو گورنمنٹ اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں مریض کے ساتھ آئے ہوئے ایک شخص کی جانب سے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر اختر دایو پر مبینہ حملہ کر کے تشدد اور گالم گلوچ کرنے کے واقعے کے خلاف ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے او پی ڈی کا بائیکاٹ کر کے احتجاج کیا۔ احتجاج میں ایم ایس ڈاکٹر غضنفر کھوکھر، ایڈمن آفیسر نعمت میرانی، متاثرہ ڈاکٹر اختر دایو (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب مصور احمد کی ٹیم نے سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں آٹے کی زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا

بورڈ آف ریونیو بلوچستان کی ٹیم کے ساتھ اہم اجلاس، ریکارڈ کی فراہمی اور مکمل تعاون کی ہدایت

ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے ذریعے متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے گا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) بورڈ آف ریونیو بلوچستان کی ٹیم اور ڈپٹی کمشنر لورالائی آفس کی تمام متعلقہ برانچز کے سربراہان کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بورڈ آف ریونیو سے متعلق مختلف انتظامی امور، سرکاری ریکارڈ کی دستیابی، مطلوبہ معلومات اور متعلقہ دستاویزات کے جائزے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق جامعہ عربیہ فیض العلوم قلعہ سیف اللہ کسی میں جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 افراد گرفتار

تاجر سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور آٹا سمیت تمام اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فروخت کریں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی کی نگرانی میں صدر سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران آٹا ڈیلرز، ریٹیلرز اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور سرکاری نرخ ناموں کی جانچ کی گئی۔ مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام تاجروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور آٹا سمیت تمام اشیائے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ برشور کے عوام کی فلاح و بہبود اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے شب و روز کوشاں ہے، خالد شمس

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ برشور کے عوام کی فلاح و بہبود اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے شب و روز کوشاں ہے۔ عوام کو سرکاری دفاتر کے چکروں سے نجات دلانے کیلئے بہت جلد کمپیوٹرائزڈ ریونیو ریکارڈ کو مستقل طور پر ضلع برشور منتقل کر دیا جائے گا

محکمہ صحت اور لسبیلہ انسٹی ٹیوٹ آف ماڈرن سائنس کے زیرنگرانی ڈپلومہ سٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب

فنی و پیشہ ورانہ تعلیم نوجوانوں بالخصوص خواتین کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

لسبیلہ (خ ن) محکمہ صحت اور لسبیلہ انسٹی ٹیوٹ آف ماڈرن سائنس کے زیرنگرانی ڈپلومہ سٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب ریسٹ ہاوس آڈیٹوریم اوتھل میں منعقد ہوئی تقریب میں ڈپٹی کمشنر اوتھل حمیرا بلوچ اسسٹنٹ کمشنر کنراج کشش چوہدری شریک ہوئیں جبکہ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں ڈپلومہ پروگرام (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

طلبہ وطالبات اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں، حمیرا بلوچ

اوتھل (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے کہا ہے کہ طلبہ و طالبات اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں، اپنے مستقبل کیلئے واضح اہداف مقرر کریں اور کامیابی کے حصول کیلئے مسلسل محنت کو اپنا شعار بنائیں۔ یہ بات انہوں نے لسبیلہ یونیورسٹی ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز میں (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پبلک ہیلتھ سکول کوئٹہ کی پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل چارج سنبھالنے کے بعد پبلک ہیلتھ سکول کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہی ہیں

خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، ایواجی الائنس

ایواجی الائنس اور عورت فاؤنڈیشن کا بلوچستان میں خواتین اور کمسن بچیوں پر تشدد کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے بلوچستان میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران خواتین اور کمسن بچیوں کے خلاف تشدد، مبینہ قتل، تیزاب گردی، جنسی زیادتی اور دیگر سنگین نوعیت کے واقعات پر گہری تشویش اور شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کا فوری اور (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں شام ڈھلتے ہی فحاشی و بے حیائی کا پھیلاؤ تشویشناک ہے، مولانا رفیق

اگر انتظامیہ نے فوری اقدامات نہ کیے تو جمعیت علماء اسلام احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں شام ڈھلتے ہی مختلف علاقوں میں سرعام فحاشی، عریانی اور بے حیائی کو فروغ دینے والے عناصر کا سرگرم ہونا (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد، ہیڈ ماسٹر نصراللہ خارانی اور اسکول اسٹاف کی جانب سے یتیم اور مستحق طلباء میں یونیفارم تقسیم

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی میں کلسٹر 2026 کے سلسلے میں ہیڈ ماسٹر نصراللہ خارانی اور اسکول اسٹاف کی جانب سے یتیم اور مستحق طلباء میں یونیفارم تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

تربت، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ضلع کیچ امتیاز سخی سے ملاقات کر رہے ہیں

مقدس رند صاحبہ کا نرم لہجہ، مثبت رویہ اور ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھانا قابلِ تعریف ہے

سرکاری دفتر میں آنے والے شہریوں کے ساتھ احترام اور خوش اخلاقی سے پیش آنا ان کی شخصیت کا نمایاں وصف ہے

چھتر (نامہ نگار غلام مرتضیٰ منگی) نصیرآباد: ڈپٹی کمشنر نصیرآباد آفس کی خاتون آپریٹر میڈم گوڈی مقدس رند صاحبہ اپنی بہترین کارکردگی، خوش اخلاقی اور شائستہ رویے کے باعث عوام میں اچھی ساکھ رکھتی ہیں۔ وہ دفتر میں آنے والے مرد و خواتین ہر شخص سے عزت، احترام اور خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آتی ہیں۔ میڈم گوڈی مقدس رند صاحبہ کا نرم (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

لورالائی یونیورسٹی میں فوڈر سیڈ مکئی کی تقسیم، کسانوں اور لائیو اسٹاک شعبے کی معاونت کیلئے اہم اقدام

لورالائی کے کسانوں اور مویشی پال حضرات کے لیے مزید عملی منصوبے شروع کیے جائیں گے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) لورالائی یونیورسٹی میں فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) کے زیر اہتمام بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام کے تحت فوڈر سیڈ مکئی کی تقسیم کے حوالے سے اہم تقریب منعقد ہوئی۔ پروگرام یورپی یونین کے تعاون اور مالی (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

ڈیری فارمز کی منتقلی کیلئے جامع اور قابل عمل نفاذی منصوبہ تیار کیا جائے، شکیل قادر

منصوبے سے متعلق تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ عملدرآمد کے دوران کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو

کوئٹہ کو صاف، محفوظ، منظم اور پائیدار شہری ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت اہم اجلاس میں کوئٹہ ماسٹر پلان پر مؤثر عملدرآمد، شہر میں قائم ڈیری فارمز کو شہری حدود سے باہر منتقل کرنے، پانی کے وسائل کے بہتر استعمال، بلڈنگ کوڈز پر عملدرآمد اور سرکاری ملازمین کے طبی معاوضے کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقی (UP&D)، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی آف لورالائی میں وزیراعظم نیشنل ٹیکنالوجی پارک کا شاندار افتتاح

نوجوانوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور روزگار کے نئے مواقع کی امید

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی میں وزیراعظم کے نیشنل ٹیکنالوجی پارک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں یونیورسٹی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمانِ خصوصی وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ تھے، جنہوں نے نیشنل ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح کیا۔ تقریب میں ڈاکٹر محمد طارق (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

Solar Powered Home Model
The Solar System

گوادر، ضلعی آفیسر تعلیم زاہد حسین بلوچ، سیاسی و سماجی شخصیت میر ارشد کلمتی و دیگر چائنا پاکستان گورنمنٹ ہائی اسکول فقیری کالونی میں سائنس و آرٹ نمائش 2026 کا دورہ معائنہ کر رہے ہیں

جامعہ تربت کا ڈیجیٹل انقلاب کی جانب پیشرفت

شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز اجلاس میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پروگرامز اور نصاب کی منظوری

تربت (پ ر) جامعہ تربت کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا پانچواں اجلاس شعبے کے سربراہ انجینئر بلال الرحمٰن کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن گائیڈ لائنز اور جامعہ تربت کے تعلیمی تقاضوں کی روشنی میں کمپیوٹر سائنس میں تین نئی اسپیشلائزیشنز، ڈیٹا سائنس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر سیکیورٹی متعارف کرانے کی منظوری دی گئی۔ (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

چمن: کالج روڈ پر فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی، کوئٹہ منتقلی کے دوران جاں بحق

چمن (محمد صدیق مدنی) چمن کے کالج روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نذر محمد عدوزئی کو شدید زخمی کر دیا۔ فائرنگ کے واقعے کے بعد زخمی کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروگرام کے مؤثر نفاذ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

صاف ستھرا ماحول شہریوں کی صحت اور معیارِ زندگی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، حسیب شجاع

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) حکومتِ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلع لورالائی میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروگرام کے مؤثر نفاذ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ضلع میں صفائی ستھرائی، کچرے کی منتقلی اور تلفی کے موجودہ نظام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کا مقصد ضلعی سطح پر سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے ابتدائی منصوبہ (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

چمن میں 21 ستمبر سے انسدادِ پولیو مہم شروع ہوگی، تیاریوں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر کی ہدایت، مہم کے دوران کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے

چمن (محمد صدیق مدنی) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت 21 ستمبر 2026 سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے محکمہ صحت اور پولیو حکام کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئندہ انسدادِ پولیو مہم کے لیے کیے جانے والے انتظامات، سکیورٹی پلان، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ، مؤثر نگرانی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے تمام انتظامات (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

قیمتوں میں آئے روز اضافہ عوام پر بوجھ ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام پر مزید معاشی بوجھ ڈالنے (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

میرٹ کے قتل کے خلاف جے ٹی آئی کا مظاہرہ، پریس کلب کے سامنے دھرنا

اس وقت بھی ایک سے چار گریڈ کی بھرتیوں کیلئے پیسے بٹورنا نوجوانوں کو غداری کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جمعیت طلباء اسلام (جے ٹی آئی) ضلع جیکب آباد کی جانب سے میرٹ کے قتل کے خلاف ایک احتجاجی مظاہرہ جے یو آئی کے ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا سلیم اللہ بروہی، جے ٹی آئی کے مرکزی رہنما محکم الدین بروہی، اسداللہ حیدری، تاج محمود امروٹی، مولاداد کوسو، منیب الرحمان بروہی، مزمل (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کا آئندہ انسداد پولیو مہم کے موثر اور بروقت انتظامات یقینی بنانے کے لئے متعلقہ افسران کو ہدایت

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ناقص، ملاوٹی اور غیر معیاری خوراک کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن

کوئٹہ، اوستہ محمد، ژوب، تربت، حب اور سبی سمیت مختلف علاقوں میں فوڈ بزنس یونٹس کی چیکنگ کی گئی

36 یونٹس کو جرمانے، 3 یونٹس کو سیل جبکہ متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز بھی جاری کیے گئے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے کی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ناقص، ملاوٹی اور غیر معیاری خوراک کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تازہ کارروائیوں کے دوران کوئٹہ، اوستہ محمد، ژوب، تربت، حب اور سبی سمیت مختلف علاقوں میں فوڈ بزنس یونٹس کی چیکنگ کی گئی، جس کے دوران 36 یونٹس کو جرمانے، 3 یونٹس کو سیل جبکہ متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز بھی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

خضدار، شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد، خلاف ورزی پر ہوٹل سیل اور مالکان کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم

خضدار (خ ن) شیشہ کیفے چلانے پر مکمل پابندی عائد، خلاف ورزی پر ہوٹل سیل اور مالکان کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: دوداپور فیڈر کے دو سال سے 200 دیہات کی بجلی بند

واپڈا عملے کے خلاف سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کا احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) دوداپور فیڈر کی دو سال سے بند پڑی بجلی بحال نہ ہونے کے خلاف مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کی کال پر فائق جہانپور میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور شہر میں ریلی نکالی گئی۔ مظاہرے کی قیادت میر دریا خان بروہی، سید مظہر حسین شاہ، نصراللہ رند اور دیگر رہنماؤں نے کی۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے واپڈا عملے کے خلاف (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

دوداپور فیڈر کی دو سال سے بند پڑی بجلی بحال نہ ہونے کے خلاف مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کی کال پر فائق جہانپور میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

محکمہ صحت کی انتظامی نااہلی اور غلط ریکارڈ کی بنیاد پر ڈاکٹروں کی برطرفی ناقابلِ قبول ہے، ترجمان

غلط، نامکمل اور متضاد انتظامی ریکارڈ کی بنیاد پر ملازمت سے برطرف کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے

کوئٹہ (پ ر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان محکمہ صحت کی جانب سے 25 لیڈی میڈیکل آفیسرز کو مبینہ طور پر غلط، نامکمل اور متضاد انتظامی ریکارڈ کی بنیاد پر ملازمت سے برطرف کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ یہ امر انتہائی افسوسناک اور محکمہ صحت کی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

چمن کے عوام کیلئے بلاک شدہ شناختی کارڈز کے مسئلے کے حل کیلئے خصوصی کمیٹیاں پہنچ گئیں، حاجی امان اللہ اچکزئی

کمیٹیاں ہفتے میں چار دن کام کریں گی، کل سے ٹوکن کا اجرا شروع ہوگا۔ چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل چمن

چمن (محمد صدیق مدنی) ضلع چمن کے عوام کے لیے خوش آئند خبر ہے کہ بلاک شدہ شناختی کارڈز کے مسئلے کے حل کے لیے خصوصی کمیٹیاں چمن پہنچ گئی ہیں۔ یہ کمیٹیاں حالیہ دنوں میں بلاک کیے گئے شناختی کارڈز کے معاملات کا جائزہ لے کر ان کے حل کے لیے کام کریں گی۔ ڈسٹرکٹ کونسل چمن کے ضلعی چیئرمین حاجی امان اللہ اچکزئی نے ہمارے نمائندے (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

گداگری کے تدارک اور عوامی مقامات پر شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی زیرصدارت ضلع کوئٹہ ویسٹ میں گداگری کے تدارک اور عوامی مقامات پر شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ ویسٹ علی درانی (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے عوام اپنی دینی، تہذیبی اور اسلامی اقدار سے گہری وابستگی رکھتے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

علماء کرام پر تنقید اور مدارس کے خلاف منظم پروپیگنڈا کسی مثبت اصلاح کا راستہ نہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی شہید ملک عبدالباری ریکی فٹبال ٹورنامنٹ

شہید الحاج عید محمد نوتیزئی فٹبال اسٹیڈیم دالبندین میں منعقدہ پہلے کوارٹر فائنل میچ

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) پہلا آل چاغی شہید ملک عبدالباری ریکی فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں شہید الحاج عید محمد نوتیزئی فٹبال اسٹیڈیم دالبندین میں منعقدہ پہلے کوارٹر فائنل میچ کے مہمان خاص سماجی و قبائلی رہنماء سیکرٹری میر سعید احمد کبدانی تھے جنھوں نے ٹورنامنٹ (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی شہید ملک عبدالباری ریکی فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں کوارٹر فائنل میچ کھیلا جا رہا ہے

گورنمنٹ پرائمری اسکول دریا خان کلہوڑو میں اساتذہ کی جانب سے شاندار الوداعی تقریب

ماں باپ کی عظمت کی طرح استاد کی عظمت سب سے زیادہ ہے، عبدالفتاح عباسی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) لاڑکانہ کے دو ماہر اساتذہ لیاقت علی کلہوڑو اور جان محمد خاصخیلی کی ریٹائرمنٹ کے بعد گورنمنٹ پرائمری اسکول دریا خان کلہوڑو میں اساتذہ کی جانب سے ایک شاندار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن ڈویژن لاڑکانہ کے صدر (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)